مسنون اذکار اور محقق دعائیں
حصن المسلم
تالیف
سعید بن علی بن وهف القحطانی حفظہ اللہ
تحقیق تخریج
حافظ زبیر علی زئی
ترجمہ
عبدالحمید سندھی
دار الفکر الاسلامی

وقال ربکم ادعونی استجب لکم

تمہارے رب نے فرمایا، تم مجھے پکارو، میں تمہاری دعائیں قبول کروں گا

حصن المسلم

مسنون اذکار اور محقق دعائیں

تالیف

سعید بن علی بن وہف القحطانی حفظہ اللہ

تحقیق، تخریج

حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ

ترجمہ

عبدالحمید سندھی

دار الفکر الاسلامی

Dar-ul-Fikar Al-Islami

دارالفکر الاسلامی

کتاب:	حصن المسلم
تالیف	سعید بن علی بن وھف القحطانی حفظہ اللہ
تحقیق وتخریج	حافظ زبیر علی زئی رحمہ اللہ
ترجمہ	عبدالحمید سندھی
پرنٹنگ	القاسم پرنٹرز 0321-5110436

دارالفکر الاسلامی
Dar-ul-Fikar Al-Islami
گلی نمبر 3 مین بازار نواب آباد واہ کینٹ
Email : admin@darulfikaralislami.com
www.darulfikaralislami.com
0321-0315-5216287

فہرست

❁❁❁

عرضِ ناشر

الحمد للہ ربّ العالمین والصّلوٰۃ والسّلام علیٰ اشرف الأنبیاء،
أما بعد:

ایک عرصے سے سینے میں یہ آرزو سمائی ہوئی تھی کہ کتاب وسنت کی اشاعت کے لئے ایسا ادارہ قائم کیا جائے جو منہج سلف صالحین کا عین ترجمان ہو، میرے اس ارادے کی تکمیل اور خواب کی تعبیر ''دارالفکر الاسلامی'' کی صورت میں ہوئی۔ والحمد للہ

آج میں دلی فرحت ومسرت محسوس کر رہا ہوں کہ ادارہ اپنی منزل کی جانب پہلا قدم معروف ومقبول کتاب ''حصن المسلم'' شائع کر کے بڑھا رہا ہے۔

اس کتاب کی نمایاں اور منفرد خصوصیت ''تحقیق وتصحیح'' ہے، کیونکہ اس سے پہلے اس کا خاطر خواہ لحاظ نہیں رکھا گیا اور ترجمہ میں بھی

جدت پیدا کرنے کی کوشش کی گئی۔

میں کتاب کے محقق، محدث العصر حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ کا تہ دل سے مشکور ہوں جنھوں نے میری عرض کو جلا بخشی اور اپنی بے پناہ مصروفیات کے باوجود ہر روایت پر صحت وسقم کے اعتبار سے حکم لگایا ہے۔ جزاہ اللہ خیراً

اسی طرح مترجم برادرم عبدالحمید سندھی اور محترم محمد وقاص زبیر کا بھی ممنون ہوں جنھوں نے حتی الوسع میرے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ اس کتاب کو ہمارے لئے ذریعۂ نجات اور عوام کے لئے از حد مفید بنائے۔ آمین

حافظ علیم اللہ
مدیر دار الفکر الاسلامی

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

اپنی بات

الحمد للّٰہ و کفی والصلاۃ والسلام علٰی من لا نبي بعدہ أما بعد:

ہم پر اللہ تعالیٰ کے بے شمار احسانات وانعامات ہیں جنہیں ہم شمار نہیں کر سکتے ، اللہ تعالیٰ نے ہمیں مسلمان بنایا اور ہماری حفاظت کا ذمہ بھی خود ہی لیا ہے۔ اگر ہم اس کے بنائے ہوئے طریقے کے مطابق زندگی بسر کریں۔ روزمرہ اور مختلف مواقع کی دعائیں ہماری حفاظت اور ہمارے امور میں خیر و برکت کا ذریعہ ہیں، آج کل بعض لوگ لوح قرآنی کا نقش اپنی دکانوں پر لٹکاتے ہیں تاکہ دکان میں برکت ہو اس کا قرآن وسنت سے کوئی ثبوت نہیں ملتا، ہمیں چاہئے کہ ہم شریعت سے ثابت مسنون اذکار و دعائیں، مسنون طریقے سے پڑھیں تاکہ ہمارے اجر وثواب میں اضافہ ہو اور اللہ تعالیٰ ہمارے اس عمل سے ہم پر راضی ہو جائے۔ زیر مطالعہ کتاب ''حصن المسلم'' روزمرہ اور مختلف مواقع کی دعاؤں پر

مشتمل ہے، اور کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ اس کتاب کا ترجمہ کرنے کی سعادت نصیب ہوئی، پہلے بھی اس کتاب کے کئی تراجم کئے جا چکے ہیں جن میں سب سے پسندیدہ ترجمہ استاذِ محترم حافظ عبدالسلام بن محمد حفظہ اللہ کا ہے، ان کے ترجمے کی موجودگی میں میرے اس ترجمے کی ضرورت نہیں تھی اور نہ ہی کبھی میرا دھیان اس طرف گیا، لیکن گذشتہ چند ایام سے دوستوں کے مسلسل اصرار پر قلم اُٹھانے کی ہمت کی، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس میں خیر و برکت عطا فرمائے اور اسے ہماری نیکیوں میں اضافہ کا سبب بنائے۔ آمین

اللّٰهم اغفرلي والوالدي ولأساتذني و لجميع المسلمين إنك أنت الغفور الرحيم وصلّى الله على نبينا و سلّم وعلى آله و صحبه أجمعين .

عبدالحمید سندھی

(۹/ رمضان المبارک ۱۴۲۸ھ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمۃ التحقیق

اللہ تعالیٰ کے لئے حمد وثنا ہے جو ساری کائنات کا خالق، مالک اور رب العالمین ہے، وہی معبود برحق ہے اور محمد ﷺ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں۔ اما بعد:

اپنی تمام مصیبتوں، پریشانیوں، بیماریوں اور ہر ضرورت میں صرف اللہ ہی سے دعا مانگنی چاہئے، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''جب تُو سوال کرے تو اللہ سے سوال کر اور جب مدد مانگے تو اللہ سے مدد مانگ۔'' (سنن ترمذی: ۲۵۱۶ وقال: ''حسن صحیح''، وسندہ حسن)

اور فرمایا: دعا عبادت ہی ہے۔ (سنن ابی داود: ۱۴۷۹، وسندہ صحیح وصححہ الترمذی: ۲۹۶۹)

ادعیہ ماثورہ کے بارے میں عصرِ حاضر میں لکھی ہوئی ایک چھوٹی سی کتاب: حصن المسلم کو بہت شہرت حاصل ہے۔ راقم الحروف نے اس کتاب میں مذکورہ دعوات واحادیث کی تحقیق کر کے ہر روایت پر صحیح،

حسن یاضعیف وغیرہ کاحکم لگادیا ہے تاکہ اس کتاب سے استفادہ کرنے والے قارئین کرام صحیح وحسن روایات پر عمل کریں اور ضعیف ومردود روایات کو چھوڑ دیں۔ فضائلِ اعمال ہوں یا احکام وعقائد وغیرہ، راجح تحقیق یہی ہے کہ ضعیف روایات پر عمل جائز نہیں اور نہ ان کی بطورِ جزم روایت جائز ہے۔ (دیکھئے میری کتاب: تحقیقی مقالات ج۲ص ۲۶۶-۲۸۳)

امام شافعی رحمہ اللہ نے بہت خوب فرمایا: لہٰذا اگر صحیح حدیث ہو تو مجھے بتا دینا...... تاکہ میں اس پر عمل کروں، بشرطیکہ حدیث صحیح ہو۔

(مناقب الشافعی للامام ابن ابی حاتم ص ۷۰ وسندہ صحیح)

حصن المسلم مع تحقیق آپ کے ہاتھوں میں ہے اور صحیح العقیدہ بھائیوں سے درخواست ہے کہ اپنی نیک دعاؤں میں مجھے اور ناشر کو بھی یاد رکھیں۔ جزاکم اللہ خیراً

حافظ زبیر علی زئی

مدرسہ اہل الحدیث حضرو۔ ضلع اٹک (۲۵/ جنوری ۲۰۱۱ء)

ذکر کی فضیلت

۱۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ فَاذْكُرُوْنِيْۤ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ

اس لئے تم میرا ذکر کرو میں بھی تمہیں یاد کروں گا، میری شکر گزاری کرو

وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴾

اور ناشکری سے بچو۔ (البقرہ:۱۵۲)

۲۔ ﴿ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴾

مومنو! اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ ذکر کرو۔ (الاحزاب:۴۱)

۳۔ ﴿ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ

اور اللہ تعالیٰ کو بکثرت یاد کرنے والے مرد اور بکثرت یاد کرنے والی عورتیں، اللہ تعالیٰ

لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴾

نے ان کے لئے مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔ (الاحزاب:۳۵)

۴۔ ﴿ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ

(اے انسان!) اپنے رب کو اپنے دل میں عاجزی اور خوف کے ساتھ اور بلند آواز

الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ﴾

کی نسبت پست آواز کے ساتھ صبح وشام یاد کر، اور غافلوں میں سے نہ ہو جانا۔ (الاعراف: ۲۰۵)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

۵۔ ((مَثَلُ الَّذِيْ يَذْكُرُ رَبَّهٗ وَ الَّذِيْ لَا يَذْكُرُ رَبَّهٗ

اس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور اس شخص (کی مثال) جو اپنے

مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ .))[1]

رب کو یاد نہیں کرتا، زندہ اور مردہ کی طرح ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

....

[1] صحیح بخاری (۶۴۰۷) صحیح مسلم (۷۷۹) اور مسلم میں یہ الفاظ ہیں: مَثَلُ الْبَيْتِ الَّذِيْ يُذْكَرُ اللّٰهُ فِيْهِ وَ الْبَيْتِ الَّذِيْ لَا يُذْكَرُ اللّٰهُ فِيْهِ مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ. اس گھر کی مثال جس میں اللہ کو یاد کیا جاتا ہے اور اس گھر (کی مثال) جس میں اللہ کا ذکر نہیں کیا جاتا، زندہ اور مردہ کی مانند ہے۔

۶۔ ((اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ وَ اَزْکَاھَا عِنْدَ

کیا میں تمھیں تمھارے اعمال میں سے بہترین (عمل) کے بارے میں نہ بتاؤں، جو

مَلِیْکِکُمْ وَ اَرْفَعِھَا فِیْ دَرَجَاتِکُمْ وَ خَیْرٍ لَّکُمْ مِّنْ

تمھارے مالک کے نزدیک پاکیزہ ترین، تمھارے درجات میں بلند ترین، تمھارے

اِنْفَاقِ الذَّھَبِ وَالْوَرِقِ وَخَیْرٍ لَّکُمْ مِّنْ اَنْ تَلْقَوْا

لئے سونا چاندی خرچ کرنے سے اچھا اور تمھارے لئے اس بات سے بھی بہتر کہ تم

عَدُوَّکُمْ فَتَضْرِبُوْٓا اَعْنَاقَھُمْ وَ یَضْرِبُوْٓا اَعْنَاقَکُمْ))

اپنے دشمن سے آمنا سامنا کرو تو تم ان کی گردنیں مارو اور وہ تمھاری گردنیں ماریں۔

قَالُوْا : بَلٰی ، قَالَ : ((ذِکْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی .))①

صحابہ (رضی اللہ عنہم) نے کہا: کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ذکر۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

۷۔ ((یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی : اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میں اپنے بارے میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوں، جب وہ

....

① إسناده حسن ، ترمذی (۳۳۷۷) ابن ماجہ (۳۷۹۰)

مَعَهُ اِذَا ذَكَرَنِیْ فَاِنْ ذَكَرَنِیْ فِیْ نَفْسِهٖ ذَكَرْتُهُ

مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔ اگر وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں اسے

فِیْ نَفْسِیْ وَ اِنْ ذَكَرَنِیْ فِیْ مَلَاءٍ ذَكَرْتُهُ

اپنے دل میں یاد کرتا ہوں، اگر وہ مجھے کسی جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں اسے اس سے

فِیْ مَلَاءٍ خَیْرٍ مِّنْهُمْ وَ اِنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ

بہترین جماعت میں یاد کرتا ہوں، اگر وہ بالشت بھر میرے قریب آئے تو میں ایک ہاتھ

اِلَیْهِ ذِرَاعًا وَ اِنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ

اس کے قریب آتا ہوں اگر وہ ایک ہاتھ (کے فاصلے برابر) میرے قریب آئے تو میں دو

اِلَیْهِ بَاعًا وَ اِنْ اَتَانِیْ یَمْشِیْ اَتَیْتُهُ

ہاتھ (پھیلانے کے فاصلے کے برابر) اس کے قریب آتا ہوں، اگر وہ چلتا ہوا میرے پاس آئے

هَرْوَلَةً .))[1]

تو میں دوڑتا ہوا اس کے پاس آتا ہوں۔

....

(1) صحیح بخاری (۷۴۰۵) واللفظ له و عنده " شبرًا إلي "، صحیح مسلم (۲۶۷۵)

٨۔ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ

عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! مجھ پر

رَجُلاً قَالَ : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ شَرَآئِعَ الْاِسْلَامِ قَدْ

اسلام کے احکامات بہت زیادہ ہو چکے ہیں، آپ مجھے کسی ایسے عمل کے بارے میں

كَثُرَتْ عَلَيَّ فَاَخْبِرْنِيْ بِشَيْءٍ اَتَشَبَّثُ بِهٖ

بتایئے جس پر میں مضبوطی سے (مستقل مزاجی کے ساتھ) عمل کر سکوں۔

قَالَ: ((لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ .))[1]

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمھاری زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تر رہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

٩۔ ((مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَهٗ بِهٖ حَسَنَةٌ وَ

جس شخص نے کتاب اللہ سے ایک حرف پڑھا، اس کے لئے اس کے بدلے میں ایک

الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا لَا اَقُوْلُ : ﴿الٓمٓ﴾ حَرْفٌ وَلٰكِنْ

نیکی ہے، اور ایک نیکی اپنے جیسی دس نیکیوں کے برابر ہے (یعنی دس گنا اجر ملے گا) میں نہیں کہتا

[1] إسناده حسن، سنن ترمذی (٣٣٧٥) ابن ماجه (٣٧٩٣)

اَلِفٌ حَرْفٌ وَ لَامٌ حَرْفٌ وَ مِيْمٌ حَرْفٌ .)) ①

کہ الٓمٓ ایک حرف ہے لیکن الف ایک حرف ہے لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے۔

۱۰۔ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : خَرَجَ

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انھوں نے کہا کہ ہم سفر میں تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر آئے اور

رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَ نَحْنُ فِي الصُّفَّةِ فَقَالَ: ((اَيُّكُمْ يُحِبُّ

فرمایا: تم میں سے کون ہے جسے یہ بات پسند ہو کہ وہ بطحان یا عقیق (دو وادیوں کے نام) کی

اَنْ يَّغْدُوَ كُلَّ يَوْمٍ اِلٰى بُطْحَانَ اَوْ اِلَى الْعَقِيْقِ فَيَاْتِيَ مِنْهُ

طرف صبح سویرے جائے اور بڑے بڑے کوہانوں والی دو اونٹنیاں بغیر گناہ کیے اور بغیر قطع رحمی

بِنَاقَتَيْنِ كَوْمَاوَيْنِ فِيْ غَيْرِ اِثْمٍ وَ لَا قَطِيْعَةِ رَحِمٍ)) فَقُلْنَا :

کیے لے آئے۔ ہم نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم سب یہ بات پسند کرتے ہیں۔ آپ نے

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ نُحِبُّ ذٰلِكَ قَالَ: ((اَفَلَا يَغْدُوْا اَحَدُكُمْ اِلَى

فرمایا: کیا تم میں سے کوئی شخص ایسا نہیں جو صبح سویرے مسجد کی طرف آئے اور اللہ عزوجل کی

....

① اسنادہ حسن، سنن ترمذی (۲۹۱۰)

الْمَسْجِدِ فَيَعْلَمَ اَوْ يَقْرَاَ آيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

کتاب کی دو آیات سیکھے یا پڑھے یہ اس کے لئے دو اونٹنیوں سے بہتر ہے اور تین آیات تین

خَيْرٌ لَّهُ مِنْ نَاقَتَيْنِ وَ ثَلَاثٌ خَيْرٌ لَّهُ مِنْ ثَلَاثٍ وَاَرْبَعٌ خَيْرٌ

اونٹنیوں سے بہتر ہیں اور چار آیات چار اونٹنیوں سے بہتر ہیں، اور جتنی آیات ہوں گی اتنی ہی

لَّهُ مِنْ اَرْبَعٍ وَ مِنْ اَعْدَادِهِنَّ مِنَ الْاِبِلِ .)) ①

اونٹنیوں سے بہتر ہیں۔

۱۱۔ مَنْ قَعَدَ مَقْعَدًا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ فِيْهِ كَانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ

جو شخص کسی جگہ بیٹھا اور وہاں اس نے اللہ کا ذکر نہیں کیا تو وہ جگہ اللہ کی طرف سے اس کے لئے

تِرَةً وَ مَنِ اضْطَجَعَ مَضْجَعًا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ فِيْهِ كَانَتْ

باعث نقصان (گھبراہٹ و پریشانی) ہوگی اور جو شخص کسی جگہ لیٹا جہاں اس نے اللہ کا ذکر نہیں کیا تو

عَلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةً . ②

وہ جگہ اس کے لئے اللہ کی طرف سے اس کے لئے باعث نقصان (گھبراہٹ و پریشانی) ہوگی۔

....

① صحیح مسلم (۸۰۳)

② حسن ، سنن ابی داود (۴۸۵۶) وعندہ: "لایذکر"، السنن الکبریٰ للنسائی (۱/۳۴۷)

۱۲۔ مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَّجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْهِ ، وَ لَمْ

جو قوم کسی مجلس میں بیٹھی اور وہاں پر اللہ کا ذکر نہیں کیا، نہ ہی اپنے نبی پر درود بھیجا تو وہ مجلس ان

يُصَلُّوْا عَلٰى نَبِيِّهِمْ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً فَاِنْ شَآءَ

کے لئے باعث نقصان ہوگی، پھر اگر اللہ چاہے تو انھیں عذاب (سزا) دے اور اگر چاہے تو

عَذَّبَهُمْ وَ اِنْ شَآءَ غَفَرَ لَهُمْ .①

انھیں معاف فرمادے۔

۱۳۔ مَا مِنْ قَوْمٍ يَقُوْمُوْنَ مِنْ مَجْلِسٍ لَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ

جو قوم کسی ایسی مجلس سے اٹھتی ہے جس میں انھوں نے اللہ کا ذکر نہیں کیا ہوتا تو گدھے کی سڑی

فِيْهِ اِلَّا قَامُوْا عَنْ مِثْلِ جِيْفَةِ حِمَارٍ وَ كَانَ لَهُمْ حَسْرَةً ②

ہوئی لاش جیسی چیز سے اٹھتی ہے اور یہ مجلس ان کے لئے باعثِ حسرت ہوگی۔

....

① ضعیف، سنن ترمذی (۳۳۸۰) والحدیث حسن دون قوله: " فإن شاء عذبهم و إن شاء غفرله" انظر الحدیث السابق (۱۱)

② إسناده صحيح ، ابوداود (۴۸۵۵) مسند احمد (۲۲۴/۲)

نیند سے بیدار ہونے کی دعائیں

۱۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَ اِلَیْهِ
تمام تعریفات اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں مارنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف ہی
النُّشُوْرُ .①
لوٹ کر جانا ہے۔

۲۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ
اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں، جو وحدہ لاشریک ہے، اسی کے لئے بادشاہت اور اسی کے لئے
وَ لَهُ الْحَمْدُ ، وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط
تمام حمد وثنا اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ پاک ہے، تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں، اللہ کے
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ
علاوہ کوئی معبود برحق نہیں اللہ سب سے بڑا ہے۔ (کسی گناہ سے بچنے کی) کوئی طاقت اور
اَكْبَرُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط
(نیکی کرنے کی) کوئی قوت اللہ بلند وعظمت والے کی توفیق و مدد کے بغیر نہیں۔ اے میرے

① صحیح بخاری (۶۳۱۲ عن حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ) صحیح مسلم (۲۷۱۱ عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ)

رَبِّ اغْفِرْلِیْ .①

پروردگار! مجھے بخش دے۔

۳۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ وَرَدَّ عَلَیَّ

تمام تعریفات اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے میرے جسم میں صحت وعافیت عطا کی، اور

رُوْحِیْ وَ اَذِنَ لِیْ بِذِکْرِہٖ .②

میری روح مجھے لوٹادی اور مجھے اپنا ذکر کرنے کی اجازت دی۔

۴۔ ﴿ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ

آسمان اور زمین کی پیدائش میں، اور رات دن کے آنے جانے میں یقیناً عقلمندوں کے لئے

الَّیْلِ وَ النَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ○ الَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ

نشانیاں ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کھڑے ہوکر، بیٹھ کر اور اپنی کروٹوں پر لیٹے ہوئے کرتے ہیں،

....

① جس شخص نے یہ کلمات کہے اسے بخش دیا جاتا ہے اور اگر وہ دعا کرے تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے، پھر اگر وہ (بستر سے) اٹھا باوضو ہوکے نماز پڑھی تو اس کی نماز قبول ہوتی ہے۔ صحیح بخاری (۱۱۵۴)، سنن ابن ماجہ (۳۸۷۸ واللفظ لہ)، سنن ابی داود (۵۰۶۰)، سنن ترمذی (۳۴۱۴)

② ضعیف، سنن ترمذی (۳۴۰۱) وحدیث البخاری (۷۳۹۳) ومسلم (۲۷۱۴) یغنی عنہ

اللّٰهَ قِيٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَ يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ

آسمان وزمین کی پیدائش میں غور وفکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں اے پروردگار تو نے یہ سب کچھ

خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ

بے فائدہ نہیں بنایا، تو پاک ہے، ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لے۔ اے ہمارے پالنے

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ

والے تو جسے جہنم میں ڈالے یقیناً تو نے اسے رسوا کیا، اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَآ

اے ہمارے رب! ہم نے سنا کہ منادی کرنے والا با آواز بلند ایمان کی طرف بلا رہا ہے کہ لوگو!

اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ

اپنے رب پر ایمان لاؤ، اس لئے ہم ایمان لے آئے، یا الٰہی اب تو ہمارے گناہ معاف فرما اور

فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَ

ہماری برائیاں ہم سے ختم کر دے اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ موت دے۔ اے ہمارے

تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَ

پالنے والے معبود! ہمیں وہ دے جس کا وعدہ تو نے ہم سے اپنے رسولوں کی زبانی کیا ہے۔ اور

لَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا۔ یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ ان کے رب نے ان کی دعا

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ

قبول فرمالی کہ میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کے عمل کو خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہرگز ضائع

مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰی ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ

نہیں کروں گا، تم آپس میں ایک دوسرے کے ہم جنس ہو، اس لیے وہ لوگ جنھوں نے ہجرت

هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِیْ سَبِيْلِیْ وَ

کی اور اپنے گھروں سے نکال دیے گئے اور جنھیں میری راہ میں تکلیف دی گئی، اور جنھوں نے

قٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ لَاُدْخِلَنَّهُمْ

جہاد کیا اور شہید کر دیے گئے میں ضرور ان کی برائیاں ان سے ختم کر دوں گا، اور بلا شبہ انھیں

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ

ان جنتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں یہ ہے ثواب اللہ کی طرف سے

وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ۝ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ ہی کے پاس بہترین اجر ہے۔ تجھے کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا دھوکے میں

كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ○ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ قف ثُمَّ مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ط

مبتلا نہ کردے۔ یہ تو بہت ہی تھوڑا فائدہ ہے، پھران کا ٹھکانہ تو جہنم ہی ہے اور وہ بہت بری

وَبِئْسَ الْمِهَادُ ○ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ

جگہ ہے۔ لیکن وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے لئے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ

جاری ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہ اللہ کی طرف سے مہمانی ہے اور نیک لوگوں کے لئے

اللّٰهِ ط وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ○ وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ

جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ بہت ہی بہتر ہے یقیناً اہلِ کتاب میں سے بعض ایسے بھی ہیں

الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ اُنْزِلَ

جو اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور تمھاری طرف جو اتارا گیا ہے اور جو ان کی جانب اترا اس پر

اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ط لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا

بھی اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی آیات کو کم قیمت پر بیچتے بھی

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

نہیں، ان لوگوں کا بدلہ ان کے رب کے ہاں ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔

الْحِسَابِ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَ صَابِرُوْا وَ

اے اہل ایمان! تم ثابت قدمی اختیار کرو اور ایک دوسرے کو تھامے رکھو اور جہاد کے لئے

رَابِطُوْا ۗ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ ﴾ ①

تیار رہو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ (آل عمران: ۱۹۰۔۲۰۰)

کپڑا پہننے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا الثَّوْبَ وَ رَزَقَنِیْهِ مِنْ

تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا، اور اس نے مجھے (یہ کپڑا) میری

غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَ لَا قُوَّةٍ. ②

کسی طاقت اور قوت کے بغیر عطا فرمایا۔

....

① صحیح بخاری (۴۵۷۲)

② حسن، سنن ابی داود (۴۰۲۳)، سنن ترمذی (۳۴۵۸) وقال: ''حسن غریب''

نیا لباس پہننے کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ اَسْاَلُكَ مِنْ

اے اللہ تیرے ہی لئے تمام تعریفات ہیں، تو نے ہی مجھے یہ (لباس) پہنایا ہے میں تجھ سے اس

خَيْرِهٖ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهٗ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَ

لباس کی اور جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے اس کی بھلائی کا تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اور میں اس

شَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ. ①

کے شر اور جس کے لئے اسے بنایا گیا ہے اس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہو۔

نیا لباس پہننے والے کو کیا دعا دی جائے

۱۔ تُبْلِیْ وَ يُخْلِفُ اللّٰهُ تَعَالٰی. ②

تو اسے بوسیدہ کرے اور اللہ تعالیٰ اس کے بعد تمہیں مزید عطا فرمائے۔

....

① إسناده حسن، سنن ابی داود (۴۰۲۰) سنن ترمذی (۱۷۶۷)

② إسناده حسن موقوف، سنن ابی داود (۴۰۲۰)

۲۔ ((اِلْبَسْ جَدِيْدًا وَ عِشْ حَمِيْدًا وَمُتْ شَهِيْدًا))①

تم نیا کپڑا پہنو، قابل تعریف زندگی گزارو اور شہید ہو کر فوت ہو۔

لباس اتارے تو کیا پڑھے؟

بِسْمِ اللّٰهِ.②

اللہ کے نام کے ساتھ۔

بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ.③

اے اللہ میں خبیث جنوں اور خبیث جنیوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

....

① إسناده ضعيف ، سنن ابن ماجہ (۳۵۵۸) مسند احمد (۸۸/۲)

② ضعيف ، سنن ترمذی (۶۰۶) صحیح الجامع الصغیر (۳۶۱۰) و ليس فيه إذا نزع ثوبه !!

③ صحیح بخاری (۱۴۲) صحیح مسلم (۳۷۵)

بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا

غُفْرَانَكَ .①

اے اللہ میں تیری بخشش طلب کرتا ہوں۔

وضو شروع کرتے وقت کیا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ .②

اللہ کے نام کے ساتھ۔

....

① إسناده صحیح ، سنن ترمذی (۷) سنن ابی داود (۳۰) سنن ابن ماجہ (۳۰۰)

② حسن ، سنن ابي داود (۱۰۱) سنن ابن ماجہ (۳۹۹، ۳۹۷) مسند احمد (۴۱/۳)
سنن نسائی (۷۸ وسندہ صحیح) صحیح ابن خزیمہ (۱۴۴) صحیح ابن حبان (الاحسان: ۶۵۴۴)

وضو سے فارغ ہونے کے بعد کیا پڑھے

۱۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اور

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ. ①

میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔

۲۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَ اجْعَلْنِيْ مِنَ

اے اللہ مجھے بہت زیادہ توبہ کرنے والوں میں سے بنادے اور مجھے بہت زیادہ پاک رہنے

الْمُتَطَهِّرِيْنَ. ②

والوں میں سے بنادے۔

۳۔ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ

اے اللہ تو اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی سچا

....

① صحیح مسلم (۲۳۴)   ② ضعیف، سنن ترمذی (۵۵)

اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْكَ . ①

معبود نہیں، میں تجھ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

گھر سے نکلتے وقت کیا پڑھنا چاہئے

۱۔ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ

اللہ کے نام کے ساتھ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اور اللہ کی توفیق و مدد کے بغیر کسی گناہ سے بچنے

اِلَّا بِاللّٰهِ . ②

کی طاقت اور کوئی نیکی کرنے کی قوت نہیں۔

۲۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ

اے اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں کہ میں گمراہ ہو جاؤں یا گمراہ کر دیا جاؤں، یا میں پھسل

اَوْ اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ

جاؤں یا پھسلا دیا جاؤں یا میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے یا میں کوئی جہالت (کا کام) کروں

① صحیح، السنن الکبریٰ للنسائی (۹/۳۶ ح ۲۸۲۹) عمل الیوم واللیلۃ للنسائی (۸۱ ح ۸۲)

② إسنادہ ضعیف ، سنن ابی داود (۵۰۹۵) سنن ترمذی (۳۴۲۶)

اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ . ①

یا مجھ پر جہالت (کا کام) کیا جائے۔

گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَ لَجْنَا وَ بِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَ عَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا

اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوئے اور اللہ کے نام کے ساتھ ہی ہم باہر نکلے اور ہم نے اپنے

تَوَكَّلْنَا . ②

پروردگار اللہ ہی پر بھروسہ کیا۔

اس کے بعد اپنے گھر والوں کو سلام کہے۔

....

① إسناده ضعيف، سنن ابی داود (۵۰۹۴) سنن ترمذی (۳۴۲۷) سنن ابن ماجہ (۳۸۸۴)

② إسناده ضعيف ، سنن ابی داود (۵۰۹۶)، ایک دوسری حدیث میں ہے کہ جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہونے اور کھانا کھانے کے وقت اللہ کو یاد کرتا ہے تو شیطان (اپنے چیلوں سے) کہتا ہے کہ اس گھر میں تمھارے لئے رات گزارنے کا ٹھکانا نہیں ہے اور نہ ہی رات کے کھانے میں تمھارا حصہ ہے۔ (صحیح مسلم: ۲۰۱۸)

مسجد کی طرف جانے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَ فِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَ فِیْ

اے اللہ میرے دل میں نور بھر دے ، اور میری زبان میں نور

سَمْعِیْ نُوْرًا وَ فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَ مِنْ

اور میری سماعت میں نور اور میری بصارت میں نور، میرے اوپر نور،

تَحْتِیْ نُوْرًا وَ عَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَ عَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَ مِنْ

میرے نیچے نور، میرے دائیں نور، میرے بائیں نور، میرے

اَمَامِیْ نُوْرًا وَ مِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا

سامنے نور اور میرے پیچھے نور، اور میرے نفس میں نور ،

وَ اَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَ عَظِّمْ لِیْ نُوْرًا وَ اجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَ

اور تو میرے نور کو زیادہ کرے اور مجھے بہت زیادہ نور عطا فرما، میرے

اجْعَلْنِیْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا وَ اجْعَلْ فِیْ عَصَبِیْ

لئے نور بنا اور مجھے نور بنا دے ، اے اللہ مجھے نور عطا فرما ، اور میرے

نُوْرًا وَفِيْ لَحْمِيْ نُوْرًا وَفِيْ دَمِيْ نُوْرًا وَفِيْ شَعْرِيْ

پٹھوں میں نور بھر دے ، میرے گوشت میں، میرے خون میں ، میرے بالوں

نُوْرًا وَفِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا ، " اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا فِيْ

میں اور میری جلد میں نور بھر دے۔ اے اللہ میرے لئے میری قبر میں نور بھر

قَبْرِيْ وَنُوْرًا فِيْ عِظَامِيْ " وَزِدْنِيْ نُوْرًا وَزِدْنِيْ

دے ، اور میری ہڈیوں میں نور بھر دے (اور مجھے مزید نور عطا فرما، مجھے مزید نور

نُوْرًا وَزِدْنِيْ نُوْرًا وَهَبْ لِيْ نُوْرًا عَلٰى نُوْرٍ .①

عطا فرما، مجھے مزید نور عطا فرما) اور مجھے نور ہی نور عطا فرما۔

---

① صحیح بخاری (۶۳۱۶) صحیح مسلم (۷۶۳) مسند احمد (۱/۳۴۳) والادب المفرد (۶۹۵)

یہ دعا مطلق ہے، اس کا مسجد جانے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

مسجد میں داخل ہونے کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَ سُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ

میں عظمت والے اللہ، اس کے معزز چہرے اور اس کی قدیم

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ(ا) بِسْمِ اللّٰهِ (ب) وَ الصَّلٰوةُ ،

سلطنت کی پناہ میں آتا ہوں ، شیطان مردود سے ، اللہ کے

وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ (ج) اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ

نام کے ساتھ اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، اے اللہ! میرے لئے

اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ (د) .①

اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

....

① [ا](إسناده صحيح، سنن ابی داود:٤٦٦)

[ب] (إسناده ضعيف، سنن ابن ماجہ:٧٧١) [ج](صحيح بدون" والصلوٰة" سنن ابی داود:٤٦٥) [د] (صحیح مسلم:٧١٣)اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے یہ الفاظ مروی ہیں:

((اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔)) سنن ابن ماجہ(   )

مسجد سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ (ا) وَالصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ

اللہ کے نام کے ساتھ اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ،

(ب) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ (ج) اَللّٰهُمَّ

اے اللہ! میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں، اے اللہ!

اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ .(د) ①

مجھے شیطان مردود سے بچا لے

....

① [ا] إسناده ضعيف، سنن ابن ماجہ(۷۷۱)

[ب] صحیح بدون" والصلوة " ، سنن ابی داود(۴۶۵)

[ج] صحیح، سنن ابی داود(۴۶۵)

[د] صحیح مسلم(۷۱۳)

اذان کے اذکار

اذان سننے والا مؤذن کے جواب میں وہی کلمات کہے جو وہ کہہ رہا ہے[1] لیکن حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ [آؤ نماز کی طرف، آؤ کامیابی کی طرف] کے جواب میں ① لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ [اللہ کی توفیق و مدد کے بغیر کسی گناہ سے بچنے کی طاقت اور کوئی نیکی کرنے کی قوت نہیں] کہے۔[2] پھر یہ کہے ② اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا. [میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور بالیقین محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

....

① صحیح بخاری (۶۱۱) صحیح مسلم (۳۸۳)

② صحیح بخاری (۶۱۳) صحیح مسلم (۳۸۵)

میں اللہ کے رب ہونے، محمد ﷺ کے رسول ہونے اور اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوا۔ ①

③ اذان کے جواب سے فارغ ہونے کے بعد نبی کریم ﷺ پر درود پڑھے۔ ②

④ اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَ الصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ

اے اللہ اس کامل دعوت اور قائم نماز کے رب! محمد ﷺ کو وسیلہ

اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ

اور فضیلت عطا فرما، اور انھیں مقام محمود پر پہنچا جس کا تو نے

الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ [اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ]. ③

ان سے وعدہ کیا ہے (یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔)

....

① صحیح مسلم (۳۸۶) ② صحیح مسلم (۳۸۴)

③ صحیح بخاری (۶۱۴) بریکٹ کے الفاظ سنن الکبری للبیہقی کے ہیں اور اس کی سند صحیح ہے۔

⑤ اذان اور اقامت کے درمیان اپنے لئے اللہ سے دعا کرے کیونکہ اس وقت دعا رد نہیں کی جاتی۔ ①

دعائے استفتاح

۱۔ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ

اے اللہ میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اس طرح دوری فرما دے جس طرح تو نے

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ نَقِّنِيْ مِنْ خَطَايَايَ كَمَا

مشرق اور مغرب کے درمیان دوری پیدا کی ہے۔ اے اللہ مجھے میری خطاؤں سے اس طرح

يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْنِيْ مِنْ

صاف کر دے جس طرح سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے، اے اللہ مجھے میری

خَطَايَايَ بِالثَّلْجِ وَ الْمَآءِ وَالْبَرَدِ. ②

خطاؤں سے برف، پانی اور اولوں کے ساتھ دھو ڈال۔

....

① صحیح، سنن ابی داود (۵۲۱) سنن ترمذی (۲۱۲) مسند احمد (۳/۱۲۰، ۳/۲۲۵ ح ۱۳۳۵۷) صحیح ابن خزیمہ (۴۲۷) ② صحیح بخاری (۷۴۴) صحیح مسلم (۵۹۸)

۲۔ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ وَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَ

اے اللہ تو اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے، تیرا نام بابرکت ہے، تیری شان بلند

تَعَالٰى جَدُّكَ وَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ .①

ہے اور تیرے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں۔

۳۔ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِىْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

میں نے اپنا چہرہ یکسو ہو کر اس ذات کی طرف متوجہ کر لیا جس نے آسمانوں اور زمین کو نئے

حَنِيْفًا وَّ مَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ، اِنَّ صَلَاتِىْ وَ نُسُكِىْ

سرے سے پیدا کیا، اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں، بے شک میری نماز، میری قربانی، میرا

وَ مَحْيَاىَ وَ مَمَاتِىْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ، لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ

زندہ رہنا اور میرا مرنا اللہ رب العالمین کے لئے ہے، جس کا کوئی شریک نہیں، مجھے اسی بات کا

بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَ اَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ

حکم دیا گیا ہے اور میں مطیع و فرمانبرداروں میں سے ہوں، اے اللہ تو ہی بادشاہ ہے تیرے علاوہ

....

① صحیح ، سنن ابی داود (۷۷۵) سنن ترمذی (۲۴۲) سنن ابن ماجہ (۸۰۴)

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَنْتَ رَبِّیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِیْ

کوئی سچا معبود نہیں، تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ، میں نے اپنی جان پر ظلم کیا، میں اپنے

وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ

گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں، میرے تمام گناہ بخش دے۔ کیونکہ تیرے علاوہ کوئی بھی گناہوں

الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ وَاهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا

کو نہیں بخش سکتا، مجھے بہترین اخلاق کی ہدایت دے، تیرے علاوہ بہترین اخلاق کی ہدایت

یَهْدِیْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّآ اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَهَا لَا

کوئی نہیں دے سکتا۔ مجھ سے بُرا اخلاق ہٹا دے، تیرے علاوہ مجھ سے بُرا اخلاق کوئی دور نہیں

یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَهَا اِلَّآ اَنْتَ، لَبَّیْكَ وَ سَعْدَیْكَ

کر سکتا، میں حاضر ہوں، تیرا فرمانبردار ہوں، اور بھلائی تمام کی تمام تیرے ہاتھ میں ہے، جبکہ

وَالْخَیْرُ كُلُّهٗ بِیَدَیْكَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْكَ اَنَا بِكَ وَ

بُرائی تیری طرف سے نہیں، میں تیری مدد سے (کھڑا) ہوں اور تیری طرف (متوجہ) ہوں، تو

اِلَیْكَ تَبَارَكْتَ وَ تَعَالَیْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوْبُ

بابرکت ہے، بلند ہے میں تجھ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور تیری طرف رجوع

اِلَیْکَ .①

کرتا ہوں۔

۴۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلَ وَ اِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ

اے اللہ، جبرائیل، میکائیل اور سرافیل کے رب، آسمانوں اور زمینوں کو نئے سرے

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ عَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ

سے پیدا کرنے والے، غیب اور حاضر کا علم رکھنے والے تو اپنے بندوں کے

تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ اِھْدِنِیْ

درمیان فیصلہ کرے گا جس معاملے میں (بھی) یہ اختلاف کرتے ہیں، تو مجھے

لِمَا اخْتُلِفَ فِیْہِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِکَ اِنَّکَ تَھْدِیْ مَنْ

اختلافی باتوں میں حق (سچائی) کی ہدایت دے، یقیناً تو جسے چاہتا ہے

تَشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ .②

صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت دے دیتا ہے۔

....

① صحیح مسلم (۷۷۱) ② صحیح مسلم (۷۷۰)

۵۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا، اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا، اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا،

اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا، اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا، اللہ سب سے بڑا ہے، بہت

وَّ الْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

بڑا۔ تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں، بہت زیادہ، تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں، بہت زیادہ،

کَثِیْرًا، وَ سُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا . (تین دفعہ کہے)

تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں، بہت زیادہ، اور صبح وشام اللہ ہی کی تقدیس و پاکی بیان کی جاتی

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ مِنْ نَفْخِہٖ

ہے۔ میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں، شیطان مردود سے، اس کے مغرور بنانے سے، اس کے تھوک

وَ نَفْثِہٖ وَھَمْزِہٖ .①

سے اور اس کے چوکا لگانے سے۔

نبی کریم ﷺ جب رات تہجد کے لئے اٹھتے تو یہ دعا پڑھتے:

....

① اسنادہ حسن، سنن ابی داود (۷۶۴) سنن ابن ماجہ (۸۰۷)

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فِیْھِنَّ

اے اللہ تیرے لئے ہی تمام تعریفات ہیں، تو آسمانوں، زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب کا نور

وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ مَنْ فِیْھِنَّ

ہے، تیرے لئے ہی تعریف ہے، تو آسمانوں، زمینوں اور جو اِن میں ہے سب کو قائم رکھنے والا

وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَنْ

ہے، تیرے لئے ہی تعریف ہے تو آسمانوں، زمین اور جو اِن میں ہے سب کا پروردگار ہے،

فِیْھِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ مَنْ

تیرے لئے ہی تعریف ہے، تیرے لئے آسمانوں، زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب کی

فِیْھِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

بادشاہت ہے۔ تیرے لئے ہی تعریف ہے، تو آسمانوں اور زمین کا رب ہے، تیرے لئے ہی

لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَ وَعْدُکَ الْحَقُّ وَ قَوْلُکَ الْحَقُّ

تعریف ہے، تو حق ہے، تیرا وعدہ حق ہے،، تیرا قول حق ہے، تیری ملاقات حق ہے، جنت حق

وَ لِقَآءُ کَ الْحَقُّ وَالْجَنَّۃُ حَقٌّ وَ النَّارُ حَقٌّ وَ النَّبِیُّوْنَ حَقٌّ

ہے، آگ حق ہے، تمام انبیاء حق ہیں، محمد ﷺ حق ہیں اور قیامت حق ہے۔ اے اللہ میں تیرا

وَ مُحَمَّدٌ حَقٌّ وَ السَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَ

فرمانبردار ہوا، تجھ ہی پر بھروسہ کیا، تجھ پر ہی ایمان لایا، تیری طرف ہی رجوع کیا، تیری مدد کے

عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَ بِكَ اٰمَنْتُ وَ اِلَيْكَ اَنَبْتُ وَ بِكَ

ساتھ (تیرے دشمنوں سے) جھگڑا کیا، تیری طرف ہی فیصلہ لے کر آیا، مجھے بخش دے جو میں

خَاصَمْتُ وَ اِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَ مَآ

نے پہلے کیا اور جو میں نے بعد میں کیا، جو میں نے پوشیدہ کیا اور جو میں نے اعلانیہ کیا۔ تو ہی

اَخَّرْتُ وَ مَآ اَسْرَرْتُ وَ مَآ اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَ

بھلائی اور نیکی کے کاموں میں آگے کرنے والا ہے اور تو ہی پیچھے کرنے والا، تیرے علاوہ کوئی

اَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اِلٰهِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ .[1]

سچا معبود نہیں، تو ہی میرا معبود ہے تیرے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں۔

....

(1) صحیح بخاری (۶۳۱۷) صحیح مسلم (۷۶۹) بلفظ مختلف

سورۃ الفاتحہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے بڑا مہربان نہایت رحم

مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ○ اِهْدِنَا

کرنے والا ہے۔ بدلے کے دن (یعنی قیامت) کا مالک ہے ہم صرف تیری ہی عبادت

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ط

کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں ہمیں سیدھی راہ دکھا اُن لوگوں کی راہ

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ○ ﴾

جن پر تو نے انعام کیا اُن کی نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ ۝

اے نبی کہہ دیجئے اللہ ایک ہی ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس نے کسی کو جنا نہ اس سے

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴾

کوئی جنا گیا، اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۔ (سورۃ الاخلاص: ۱۔۴)

رکوع کی دعائیں

۱۔ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِيْمِ .①

پاک ہے میرا رب عظمت والا۔ (تین مرتبہ)

۲۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ②

پاک ہے تو اے اللہ، اے ہمارے رب اپنی تعریف کے ساتھ اے اللہ مجھے بخش دے۔

① صحیح مسلم (۷۷۲) سنن ابی داود (۸۷۱) سنن ترمذی (۲۶۲)

② صحیح بخاری (۷۹۴) صحیح مسلم (۴۸۴)

۳۔ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَ الرُّوحِ. ①

انتہائی زیادہ پاک، انتہائی مقدس، فرشتوں اور روح (جبرئیل) کا رب۔

۴۔ اَللّٰھُمَّ لَکَ رَکَعْتُ وَ بِکَ اٰمَنْتُ وَ لَکَ اَسْلَمْتُ

اے اللہ تیرے لئے ہی میں نے رکوع کیا، تجھ پر ہی میں ایمان لایا، تیرے لئے ہی میں

خَشَعَ لَکَ سَمْعِیْ وَ بَصَرِیْ وَ مُخِّیْ وَ عَظْمِیْ وَ

فرمانبردار ہوا، میرے کان، میری آنکھیں، میرا دماغ، میری ہڈیاں، میرے پٹھے اور وہ جسم

عَصَبِیْ وَ مَا اسْتَقَلَّ بِهٖ قَدَمِیْ. ②

جسے میرے قدم اٹھائے ہوئے ہیں، اللہ رب العالمین کے لئے جھک گئے ہیں۔

۵۔ سُبْحَانَ ذِی الْجَبَرُوْتِ وَ الْمَلَكُوْتِ وَالْكِبْرِيَآءِ

پاک ہے (اللہ تعالیٰ) زبردست طاقت والا، عظیم بادشاہت والا، بڑائی

وَ الْعَظْمَةِ. ③

اور عظمت والا۔

....

① صحیح مسلم (۴۸۷) ② صحیح مسلم (۷۷۱)

③ إسناده صحيح، سنن ابی داود (۸۷۳) سنن النسائی (۱۰۵۰) مسند احمد (۲۴/۶)

رکوع سے اٹھنے کی دعائیں

۱۔ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ.[1]

اللہ نے اس شخص کی بات سن لی جس نے اس کی تعریف کی۔

۲۔ رَبَّنَا وَ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ[2]

اے ہمارے پروردگار! تیرے لئے ہی تمام تعریفیں ہیں، بہت زیادہ پاکیزہ، بابرکت۔

۳۔ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَ مِلْءَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا وَ

آسمان و زمین اور جو اِن دونوں کے درمیان ہے بھر جائے، پھر اس کے بعد جس چیز کے

مِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَهْلَ الثَّنَآءِ وَ الْمَجْدِ اَحَقُّ

بارے میں تو چاہے اس کا بھر جانا حمد وثنا اور بزرگی والے، سب سے سچی بات جو تیرے بندے

مَا قَالَ الْعَبْدُ وَ كُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا

نے کہی اور ہم سب تیرے بندے ہیں۔ اے اللہ جو تو عطا کرنا چاہے اسے کوئی روکنے والا نہیں

....

① صحیح بخاری (۷۹۵،۷۳۶) صحیح مسلم (۳۹۰) ② صحیح بخاری (۷۹۹)

اَعْطَيْتَ وَ لَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَ لَا يَنْفَعُ ذَا
اور جو تو روکنا چاہے اسے کوئی عطا کرنے والا نہیں، اور کسی شان والے کی شان تیرے پاس
الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ. ①
اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

سجدے کی دعائیں

۱۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى. ②

پاک ہے میرا رب بلند و اعلیٰ۔ (کم از کم تین مرتبہ)

۲۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ. ③

پاک ہے تو اے اللہ! اے ہمارے رب اپنی تعریف کے ساتھ اے اللہ بخش دے۔

۳۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَ الرُّوْحِ. ④

نہایت پاکیزگی والا، نہایت مقدس، فرشتوں اور روح (جبریل) کا رب۔

---

① صحیح مسلم (۴۷۸) بلفظ مختلف ② صحیح، سنن ابی داود (۸۷۱) سنن ترمذی (۲۶۲) نیز دیکھئے صحیح مسلم (۷۷۲) ③ صحیح بخاری (۷۹۴) صحیح مسلم (۴۸۴)
④ صحیح مسلم (۴۸۷) سنن ابی داود (۸۷۲)

۴۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ وَ بِكَ اٰمَنْتُ وَ لَكَ

اے اللہ! میں نے تیرے لئے سجدہ کیا، تجھ پر ہی میں ایمان لایا، تیرے لئے ہی فرمانبردار ہوا،

اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَ

میرے چہرے نے اس ذات کے لئے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا، اس کی صورت بنائی،

صَوَّرَهٗ وَ شَقَّ سَمْعَهٗ وَ بَصَرَهٗ تَبَارَكَ اللّٰهُ

اس کی سماعت (کانوں کے سوراخ) اور بصارت (آنکھوں کے سوراخ) کو کھولا، بابرکت ہے

اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ. ①

اللہ تعالیٰ، بہترین (انداز سے) پیدا کرنے والا ہے۔

۵۔ سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ وَالْكِبْرِيَآءِ

پاک ہے (میرا رب) زبردست غلبے والا، بادشاہت، کبریائی

وَالْعُظْمَةِ. ②

اور عظمت والا۔

① صحیح مسلم (۷۷۱) ② إسناده صحيح، سنن ابی داود (۸۷۳) سنن نسائی (۱۱۳۳)

٦۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ

اے اللہ میرے تمام گناہ معاف فرما دے، چھوٹے ، بڑے، پہلے ، پچھلے ، اعلانیہ

وَ عَلَانِیَتَهٗ وَ سِرَّهٗ.①

(ظاہر) اور پوشیدہ گناہ۔

٧۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَ

اے اللہ میں تیری خوشنودی کے ساتھ تیری ناراضی سے، تیری عافیت کے ساتھ تیری سزا سے،

بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِیْ

(تیری) پناہ میں آتا ہوں، میں تجھ سے تیری ہی پناہ طلب کرتا ہوں، میں تیری تعریف (کے

ثَنَآءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ .②

کلمات) شمار نہیں کرسکتا، تو اسی طرح ہے جس طرح تو نے خود اپنی تعریف کی۔

....

① صحیح مسلم (٤٨٣)

② صحیح مسلم (٤٨٦)

جلسۂ استراحت (دوسجدوں کے درمیان) کی دعائیں

۱۔ رَبِّ اغْفِرْلِیْ ،رَبِّ اغْفِرْلِیْ .①

اے میرے رب مجھے بخش دے، اے میرے رب مجھے معاف کر دے۔

۲۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَ اجْبُرْنِیْ وَ

اے اللہ! مجھے معاف فرما دے مجھ پر رحم فرما، مجھے ہدایت دے، میرا نقصان پورا فرما، مجھے

عَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَارْفَعْنِیْ .②

عافیت دے، مجھے رزق دے، اور مجھے بلند فرما۔

....

① صحیح ، سنن ابی داود (۸۷۴) سنن نسائی (۱۰۷۰) سنن ابن ماجہ (۷۹۷)

② إسناده ضعيف ، سنن ابی داود (۸۵۰) سنن ترمذی (۲۸۴) سنن ابن ماجہ (۸۹۸) المستدرک للحاکم (۱/۲۶۲) نیز دیکھئے صحیح مسلم (۲۶۹۷) لیکن صحیح مسلم کی روایت میں بین السجدتین کا تذکرہ نہیں ہے۔

سجدہ تلاوت کی دعائیں

۱۔ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَ شَقَّ سَمْعَهٗ وَ بَصَرَهٗ

میرے چہرے نے اس ذات کے لئے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا، اس کی سماعت اور بصارت

بِحَوْلِهٖ وَ قُوَّتِهٖ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ. ①

کو اپنی طاقت و بصارت کے ساتھ کھولا، بابرکت ہے اللہ تعالیٰ بہترین انداز سے پیدا کرنے والا۔

۲۔ اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ بِهَا عِنْدَكَ اَجْرًا وَضَعْ عَنِّيْ بِهَا

اے اللہ میرے لئے اس سجدے کے بدلے اپنے ہاں اجر لکھ دے اور اس کے بدلے سے

وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا وَ تَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا

(میرے گناہوں کا) بوجھ ختم کر دے، اور اپنے پاس اسے ذخیرہ بنا، اور مجھ سے اسی طرح قبول

تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوٗدَ. ②

فرما جس طرح تو نے اپنے بندے داؤد سے قبول فرمایا تھا۔

....

① ضعیف، سنن ابی داود (۱۴۱۴) سنن ترمذی (۵۸۰) المستدرک للحاکم (۱/۲۲۰ ح ۸۰۲۰)

② حسن، سنن ترمذی (۵۷۹، ۳۴۲۴) المستدرک للحاکم (۱/۲۱۹ ح ۷۹۹)

تشہد

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

تمام قولی، بدنی اور مالی عبادتیں اللہ کے لئے ہیں اے نبی (ﷺ) آپ پر سلام، اللہ کی

اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ عَلٰى

رحمت اور اس کی برکتیں ہوں، ہم پر بھی اور اللہ کے نیک بندوں پر بھی سلام ہو، میں گواہی

عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ط اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ

دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (ﷺ) اس کے

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ. ①

بندے اور رسول ہیں۔

....

① صحیح بخاری (۸۳۱) صحیح مسلم (۴۰۲)

نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا

۱۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

اے اللہ! محمد (ﷺ) اور محمد (ﷺ) کی آل پر رحمتیں نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم

صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ

(علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر رحمتیں نازل کیں، یقیناً تو بزرگی والا قابل تعریف

مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

ہے۔ اے اللہ! محمد (ﷺ) اور محمد (ﷺ) کی آل پر برکتیں نازل فرما جس طرح تو

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ

نے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر برکتیں نازل کیں یقیناً تو بزرگی والا

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ.[1]

قابلِ تعریف ہے۔

....

[1] صحیح بخاری (۳۳۷۰)

۲۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ

اے اللہ! محمد (ﷺ)، ان کی ازواج اور ان کی اولاد پر رحمتیں نازل فرما جس طرح

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

تو نے آل ابراہیم پر رحمتیں نازل کیں، اور محمد (ﷺ)، ان کی ازواج اور ان کی اولاد

عَلٰی اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

پر برکتیں نازل فرما جس طرح تو نے آلِ ابراہیم پر برکتیں نازل کیں یقیناً تو بزرگی والا

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ .①

قابلِ تعریف ہے۔

سلام پھیرنے سے پہلے آخری تشہد میں دعائیں

۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ مِنْ عَذَابِ

اے اللہ! میں قبر کے عذاب ، جہنم کے عذاب ، زندگی اور

....

① صحیح بخاری (۳۳۶۹) صحیح مسلم (۴۰۷، واللفظ لہ)

جَهَنَّمَ وَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَ مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ

موت کے فتنے اور مسیح دجال کے فتنے سے تیری پناہ

الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ .①

میں آتا ہوں۔

۲۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ اَعُوْذُبِکَ

اے اللہ! میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں، مسیح دجال کے فتنے سے

مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا

تیری پناہ میں آتا ہوں، زندگی اور موت کے فتنے سے تیری پناہ میں

وَ الْمَمَاتِ ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ②

آتا ہوں اے اللہ ! میں گناہ اور قرض سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

۳۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّ لَا یَغْفِرُ

اے اللہ ! یقیناً میں نے اپنے نفس پر بہت ظلم کیا اور تیرے علاوہ کوئی بھی گناہوں

---

① صحیح بخاری (۸۳۲) صحیح مسلم (۵۸۸) بلفظ مختلف

② صحیح بخاری (۸۳۲) صحیح مسلم (۵۸۹، واللفظ لہ)

الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ

کو نہیں بخش سکتا، اپنے پاس سے مجھے بخشش عنایت فرما اور مجھ پر رحم فرما، یقیناً

اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ. ①

تو بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

۴۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَ مَآ اَخَّرْتُ وَمَآ

اے اللہ! مجھے معاف فرما دے جو کچھ میں نے پہلے کیا اور جو بعد میں کیا، جو پوشیدہ کیا اور جو

اَسْرَرْتُ وَ مَآ اَعْلَنْتُ وَ مَآ اَسْرَفْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ

اعلانیہ کیا، میں نے جو زیادتی کی اور جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، تو ہی آگے کرنے والا

بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَ اَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ. ②

ہے اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے، تیرے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں۔

۵۔ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ

اے اللہ ! میری مدد کر، اپنے ذکر پر ، اپنے شکر پر اور اپنی بہترین

....

① صحیح بخاری (۸۳۴) صحیح مسلم (۲۷۰۵) ② صحیح مسلم (۷۷۱)

عِبَادَتِكَ.①

عبادت پر

٦۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ

اے اللہ! میں بخل سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور میں (اس بات سے) تیری

الْجُبْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَ

پناہ میں آتا ہوں کہ ناکارہ عمر کی طرف لوٹا دیا جاؤں، میں دنیا کے فتنے

اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَ عَذَابِ الْقَبْرِ.②

اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

٧۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ.③

اے اللہ! میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور آگ سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

....

① إسناده صحيح، سنن ابی داود (١٥٢٢) سنن نسائی (١٣٠٢)

② صحیح بخاری (٦٣٩٠، ٦٣٧٠) و عنده "نرد" بدل "أرد"

③ إسناده ضعيف. سنن ابن ماجہ (٩١٠) مسند احمد (٣/٢٧٣)

۸۔ اَللّٰھُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَیْبَ وَ قُدْرَتِكَ عَلَی الْخَلْقِ

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے علم غیب اور مخلوق پر تیری قدرت کے ذریعے دعا کرتا ہوں

اَحْیِنِیْ مَا عَلِمْتَ الْحَیَاۃَ خَیْرًا لِیْ وَ تَوَفَّنِیْ اِذَا عَلِمْتَ

کہ مجھے اس وقت تک زندہ رکھ جب تک تو زندگی میرے لئے بہتر سمجھتا ہو اور مجھے اس

الْوَفَاۃَ خَیْرًا لِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَشْیَتَكَ فِی الْغَیْبِ

وقت فوت کر جب تو سمجھتا ہو کہ موت میرے لئے بہتر ہے، اے اللہ! میں تجھ سے غائب

وَالشَّھَادَۃِ وَ اَسْئَلُكَ كَلِمَۃَ الْحَقِّ فِی الرِّضَا وَالْغَضَبِ

و حاضر میں تیری خشیت کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے خوشی اور غصے میں کلمہ حق کہنے کا

وَ اَسْئَلُكَ الْقَصْدَ فِی الْغِنٰی وَ الْفَقْرِ وَ اَسْئَلُكَ نَعِیْمًا

سوال کرتا ہوں، خوشحالی اور محتاجی میں میانہ روی کا سوال کرتا ہوں، تجھ سے ایسی نعمت کا

لَّا یَنْفَدُ وَ اَسْئَلُكَ قُرَّۃَ عَیْنٍ لَا تَنْقَطِعُ وَ اَسْئَلُكَ الرِّضَا

سوال کرتا ہوں جو ختم نہ ہو اور تجھ سے آنکھوں کی ایسی ٹھنڈک کا سوال کرتا ہوں جو ختم نہ

بَعْدَ الْقَضَآءِ وَ اَسْئَلُكَ بَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَ

ہو اور تجھ سے فیصلے کے بعد راضی ہونے کا سوال کرتا ہوں، اور تجھ سے موت کے بعد

اَسْئَلُكَ لَذَّةَ النَّظْرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ

پرسکون زندگی کا سوال کرتا ہوں، اور تجھ سے تیرے چہرے کی طرف دیکھنے کی

فِىْ غَيْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَ لَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا

لذت کا ، اور تیری ملاقات کے شوق کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! ہمیں ایمان کی

بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَ اجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ. ①

خوبصورتی سے مزین فرما، اور ہمیں ہدایت یافتہ راہنما بنا۔

٩۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ يَآ اَللّٰهُ بِاَنَّكَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ! میں تجھ سے اس لئے سوال کرتا ہوں یا اللہ کہ یقیناً تو اکیلا ہے، واحد ہے، بے نیاز

الصَّمَدُ الَّذِىْ لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا

ہے، جس نے نہ کسی کو جنا اور نہ خود جنا گیا، اور اس کا کوئی ہمسر نہیں یہ کہ تو میرے

اَحَدٌ ، اَنْ تَغْفِرَلِىْ ذُنُوْبِىْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ. ②

گناہوں کو معاف فرما دے یقیناً تو ہی معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔

---

① سندہ حسن، سنن نسائی (١٣٠٦) سنن نسائی میں فی الفقر و الغنٰی کے الفاظ ہیں۔ مسند احمد (٢٦٤/٤) ② إسنادہ صحیح ، سنن نسائی (١٣٠٢) سنن ابی داود (٩٨٥) مسند احمد (٣٣٨/٤) صحیح ابن خزیمہ (٣٨٠/١ ح ٧٢٤) بلفظ مختلف

۱۰۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدَ لَآ اِلٰـہَ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تمام تعریفات تیرے لئے ہی ہیں، تیرے علاوہ کوئی سچا معبود

اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ ، اَلْمَنَّانُ ،یَا بَدِیْعَ

نہیں تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، بے شمار احسانات کرنے والا، اے آسمانوں اور زمین کو نئے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اِنِّیْ

سرے سے بنانے والے، اے بزرگی اور عزت والے، اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اے قائم رکھنے

اَسْئَلُکَ الْجَنَّۃَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ النَّارِ .①

والے، میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور آگ سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

۱۱۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ

اے اللہ! میں تجھ سے اس وجہ سے سوال کرتا ہوں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً تو ہی اللہ ہے

....

① إسنادہ حسن ، سنن ابن ماجہ (۳۸۵۸) مسند احمد (۳؍۱۲۰)

نیز دیکھئے سنن ابی داود (۱۴۹۵) سنن نسائی (۱۳۰۱) اور اس میں یہ الفاظ ہیں: " اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ "

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ

تیری علاوہ کوئی سچا معبود نہیں، تو اکیلا ہے، بے نیاز ہے، جس نے نہ کسی کو جنا نہ خود کسی سے جنا

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ . ①

اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں، اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں، گناہ

اِلَّا اللّٰهُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.②

سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ کی توفیق و مدد کے بغیر ممکن نہیں۔

① صحیح بخاری (۴۴۴۹)

② إسناده ضعيف ، سنن ترمذی (۳۴۳۰) سنن ابن ماجہ (۳۷۹۴)

قریب المرگ کو لَآ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ کی تلقین

آپ ﷺ نے فرمایا: جس شخص کا آخری کلام لَآ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ ہو وہ جنت میں جائے گا۔ ①

جسے مصیبت پہنچے اس کی دعا

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِىْ فِىْ مُصِيْبَتِىْ

یقیناً ہم اللہ کے لئے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ مجھے میری

وَاَخْلِفْ لِىْ خَيْرًا مِّنْهَا. ②

مصیبت میں اجر عطا فرما، اور مجھے اس سے بہتر بدلہ عطا فرما۔

....

① إسناده حسن، سنن ابی داود (۳۱۱٦) مسند احمد (۵/۲۴۷)

② صحیح مسلم (۹۱۸)

میت کی آنکھیں بند کرتے وقت دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ وَ ارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ

اے اللہ! فلاں کو بخش دے (میت کا نام لے)، ہدایت یافتہ لوگوں میں اس کا درجہ بلند فرما،

وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ ، وَاغْفِرْ لَنَا وَ لَهٗ يَارَبَّ

پیچھے رہنے والے ورثا میں اس کا جانشین بنا، اے رب العالمین! ہمیں اور اسے بخش دے، اس

الْعَالَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ وَ نَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ . ①

کی قبر میں اس کے لئے کشادگی کر دے، اور اس میں اس کے لئے روشنی کر دے۔

نماز جنازہ کی دعائیں

۱۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَ عَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ

اے اللہ اسے بخش دے، اس پر رحم فرما اور اسے عافیت دے، اس سے درگزر فرما اس

....

① صحیح مسلم (۹۲۰)

نُزُلَهٗ وَ وَسِّعْ مُدْ خَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ وَ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَ

کی مہمانی باعزت کر، اس کی قبر کشادہ کر، اسے پانی، برف اور اولوں سے دھو ڈال،

نَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ

اور اسے خطاؤں سے اس طرح صاف کر دے جس طرح تو نے سفید کپڑا میل کچیل سے

الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَ اَهْلًا خَيْرًا مِّنْ

صاف کیا، اسے اس کے گھر سے بہتر گھر بدلے میں دے، اس کے گھر والوں سے بہتر

اَهْلِهٖ وَ زَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَ اَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَ اَعِذْهُ

گھر والے، اور اس کی بیوی سے بہتر بیوی بدلے میں دے، اسے جنت میں داخل کر

مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ عَذَابِ النَّارِ .①

اور قبر کے عذاب اور آگ کے عذاب سے بچا۔

۲۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَ مَيِّتِنَا وَ شَاهِدِنَا وَ غَآئِبِنَا

اے اللہ ہمارے زندہ، مردہ، حاضر، غائب، چھوٹے، بڑے، مرد

وَصَغِيْرِنَا وَ كَبِيْرِنَا وَ ذَكَرِنَا وَ اُنْثَانَا ، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ

اور عورت کو بخش، اے اللہ تو ہم میں سے جسے زندہ رکھے اسے اسلام

....

① صحیح مسلم (۹۶۳) و عنده :" او من عذاب النار"

مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْإِسْلَامِ وَ مَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى

پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جسے تو فوت کر اسے ایمان پر فوت کر ، اے

الْإِيْمَانِ ① ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهٗ . ②

اللہ ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کر اور اس کے بعد گمراہ نہ کر۔

۳۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِيْ ذِمَّتِكَ وَ حَبْلِ جِوَارِكَ

اے اللہ ! بے شک فلاں بن فلاں (میت کا نام لے) تیرے ذمے اور امان

فَقِهٖ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَ عَذَابِ النَّارِ وَ اَنْتَ اَهْلُ الْوَفَاءِ

میں ہے، اسے قبر کے فتنے اور آگ کے عذاب سے بچا، تو وفا اور حق والا ہے،

وَالْحَقِّ ، فَاغْفِرْ لَهٗ وَ ارْحَمْهُ ، اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ③

اسے بخش دے اور اس پر رحم فرما ،یقیناً تو بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

....

① حسن ، سنن ابن ماجہ (۱۴۹۸) سنن ابی داود (۳۲۰۱) سنن ترمذی (۱۰۲۴) مسند احمد (۳۶۸/۲) السنن الکبریٰ للبیہقی (۴۱/۴) ② صحیح عن أبي هريرة رضي الله عنه موقوفا موطأ للإمام مالك ۲۲۸/۱ ح ۵۳۶ وسنده صحيح .

③ صحیح ، سنن ابی داود (۳۲۰۲) سنن ابن ماجہ (۱۴۹۹) معجم الاوسط لابن المنذر (۴۴۱/۵، وسندہ حسن، ''اور اس کے الفاظ میں اختلاف ہے۔'')

۴۔ اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ وَابْنُ اَمَتِكَ اِحْتَاجَ اِلٰى رَحْمَتِكَ وَ

اے اللہ! تیرا بندہ تیری باندی کا بیٹا، تیری رحمت کا محتاج ہوا ہے اور تو اسے

اَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهٖ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ حَسَنَاتِهٖ

عذاب دینے سے بے پرواہ ہے، اگر یہ نیک تھا تو اس کی نیکیوں میں اضافہ فرما

وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ.①

اور اگر گناہ گار تھا تو اس کی برائیوں سے درگزر کر۔

نماز جنازہ میں بچے کے لئے دعا

۱۔ اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.②

اے اللہ! اسے قبر کے عذاب سے بچا۔

① ضعیف، المستدرک للحاکم (۱/۳۵۹ ح ۱۳۲۸، وفی سندہ نظر)

② إسنادہ صحیح، موطأ للامام مالک (۱/۲۸۸)

سعید بن مسیب رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے ایک بچے کی نماز جنازہ پڑھی، جس نے ابھی کوئی گناہ نہیں کیا تھا، میں نے ان سے سنا وہ یہی الفاظ کہہ رہے تھے۔

اور اگر درج ذیل الفاظ کہے تو بہتر ہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ فَرَطًا وَّ ذُخْرًا لِوَالِدَيْهِ وَ شَفِيْعًا مُجَابًا

اے اللہ! اسے اس کے والدین کے لئے پیش رو اور ذخیرہ بنا، اسے سفارشی بنا جس کی سفارش قبول

اَللّٰهُمَّ ثَقِّلْ بِهٖ مَوَازِيْنَهُمَا وَ اَعْظِمْ بِهٖ اُجُوْرَهُمَا وَ اَلْحِقْهُ

کی جائے، اے اللہ اس کے ذریعے ان دونوں کے اعمال کا وزن بھاری کر دے، اور اس کے

بِصَالِحِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اجْعَلْهُ فِيْ كَفَالَةِ اِبْرَاهِيْمَ

ذریعے ان دونوں کے اجر زیادہ کر دے، اسے نیک مومنین کے ساتھ ملا، اسے ابراہیم علیہ السلام کی

وَ قِهٖ بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ الْجَحِيْمِ وَ اَبْدِلْهُ دَارًا مِنْ

کفالت میں کر دے، اور اپنی رحمت سے اسے جہنم کے عذاب سے بچا، اسے اس کے گھر سے بہتر

دَارِهٖ وَ اَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَسْلَافِنَا

گھر عطا کر، اس کے گھر والوں سے بہتر گھر والے عطا کر، اے اللہ! ہمارے گزر جانے والوں کو،

وَاَفْرَاطِنَا وَمَنْ سَبَقَنَا بِالْاِيْمَانِ. ①

ہمارے پیش رو بچوں کو اور ہم میں سے جو ایمان کے ساتھ سبقت لے گئے معاف فرما۔

....

① المغنی ابن قدامہ (۳۶۷/۲) یہ حدیث نہیں ہے۔

۲۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّ سَلَفًا وَّ اَجْرًا . ①

اے اللہ! اسے ہمارے لئے پیش رو، میزبان اور اجر بنادے۔

تعزیت کی دعا

۱۔ اِنَّ لِلّٰهِ مَآ اَخَذَ وَلَهٗ مَآ اَعْطٰی وَ كُلُّ شَیْءٍ

یقیناً اللہ ہی کے لئے ہے جو اس نے لے لیا، اور اسی کے لئے ہے جو اس نے عطا کیا، اور ہر چیز اس

عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّی فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ . ②

کے پاس ایک مقررہ مدت کے ساتھ ہے، تم صبر کرو اور ثواب کی امید رکھو۔

....

① ضعیف، شرح السنہ للبغوی (۳/۲۲۸ ح ۱۴۹۲، دوسرا نسخہ ۵/۳۵۷ تحت حدیث ۱۴۹۵، بدون سند) تغلیق التعلیق لابن حجر (۲/۴۸۴، اس کی سند میں سعید بن ابی عروبہ اور قتادہ دونوں مدلس ہیں اور سند عن سے ہے۔) السنن الکبریٰ للبیہقی (۴/۲، ۴۸، میں سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے موقوف روایت ہے، اس کے الفاظ: ((اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا سَلَفًا وَفَرَطًا وَ ذُخْرًا.)) ہیں اور اس کی سند حسن لذاتہ ہے، لہٰذا یہ دعا پڑھیں)

② صحیح بخاری (۷۳۷۷) صحیح مسلم (۹۲۳) ببعض الاختلاف

یہ دعا بھی دی جا سکتی ہے:

اَعْظَمَ اللّٰهُ اَجْرَكَ وَ اَحْسَنَ عَزَآءَكَ وَ غَفَرَ لِمَيِّتِكَ ①

اللہ تیرے اجر کو زیادہ کرے، تمھیں اچھی تسلی دے، اور تمھاری میت کو بخش دے۔

میت قبر میں داخل کرتے وقت دعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَ عَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ. ②

اللہ کے نام سے اور اللہ کے رسول اللہ (ﷺ) کے طریقے پر۔

میت کو دفن کرنے کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ. ③

اے اللہ اسے بخش دے، اے اللہ اسے ثابت قدم رکھ۔

① الاذکار للنووی (ص ۱۲۶، یہ حدیث نہیں ہے۔) ② صحیح، سنن ابی داود (۳۲۱۳) المستدرک للحاکم (۱/۳۶۶ ح ۱۳۵۴، اور اس کی سند موقوفاً صحیح ہے۔)

ایک دوسری روایت میں بسم اللّٰہ و علی ملة رسول اللّٰہ کے الفاظ ہیں۔ (مسند احمد ۲/۲۷)

③ یہ الفاظ ثابت نہیں ہیں، بلکہ یہ مصنف کے الفاظ ہیں، لیکن حدیث سے ان کا مفہوم ثابت ہے۔

نبی ﷺ جب کسی کو دفن کرنے سے فارغ ہوتے تو اس کی قبر کے پاس کھڑے ہو جاتے اور فرماتے: اپنے بھائی کے لئے بخشش طلب کرو، اور اس کی ثابت قدمی کا سوال کرو کیونکہ اس وقت اس سے پوچھا جا رہا ہے۔ ①

قبروں کی زیارت کی دعا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُسْلِمِيْنَ،

ان گھروں میں رہنے والے مومنوں اور مسلمانوں تم پر سلام ہو، اور یقیناً ہم اگر اللہ نے چاہا تو تم

وَ اِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ (وَ يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ

سے ملنے والے ہیں۔ (اللہ تعالیٰ ہم میں سے پہلے آنے والوں اور بعد میں آنے والوں پر رحم

مِنَّا وَ الْمُسْتَاْخِرِيْنَ) اَسْاَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ. ②

فرمائے) میں اللہ سے اپنے لئے اور تمھارے لئے عافیت کا سوال کرتا ہوں۔

① إسناده حسن، سنن ابی داود (۳۲۲۱) المستدرک للحاکم (۱/۳۷۰ ح ۱۳۷۲) السنن الکبریٰ للبیہقی (۵۶/۴) ② صحیح مسلم (۹۷۴-۹۷۵، ببعض الاختلاف)

ہوا چلتے وقت کی دعائیں

١۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا.①

اے اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

٢۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَ خَیْرَ مَا فِیْھَا

اے اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی، جو اس میں ہے اس کی بھلائی اور جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے

وَ خَیْرَ مَآ اُرْسِلَتْ بِہٖ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا

اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، اور میں تجھ سے اس کے شر، جو اس میں ہے اس کے شر اور جس کے

وَ شَرِّ مَا فِیْھَا وَ شَرِّ مَآ اُرْسِلَتْ بِہٖ.②

ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

---

① إسناده صحیح، سنن ابی داود (٥٠٩٧۔٥٠٩٩) سنن ابن ماجہ (٣٧٢٧، ٣٨٨٢) المستدرک للحاکم (٤/٢٨٥ ح ٧٧٦٩) اصل روایت ان الفاظ کے بغیر ہے اور یہ الفاظ مصنف کی طرف سے اس حدیث کا مفہوم ہیں۔

② صحیح مسلم (٨٩٩)

بادل گرجنے کی دعا

سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلَآئِکَۃُ

پاک ہے وہ ذات جس کی تعریف کے ساتھ یہ گرج تسبیح کرتی ہے اور فرشتے اس کے خوف سے

مِنْ خِیْفَتِہٖ. ①

تسبیح کرتے ہیں۔

بارش کی دعائیں

۱۔ اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا مَرِیْئًا مَرِیْعًا نَافِعًا

اے اللہ! ہمیں ایسی بارش سے سیراب کر جو مددگار، خوشگوار، سرسبز و شاداب نفع بخش، نقصان نہ

غَیْرَ ضَآرٍّ عَاجِلاً غَیْرَ اٰجِلٍ. ②

دینے والی، جلد برسنے والی، دیر سے برسنے والی نہ ہو۔

① صحیح، موطأ للامام مالک (۲/۸۰ ۳)

عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ جب بادل گرج سنتے تو تمام باتیں چھوڑ کر یہ کلمات کہتے۔

② إسنادہ حسن، سنن ابی داود (۱۱۶۹) المستدرک للحاکم (۱/۳۲۷ ح ۱۲۲۲)

۲۔ اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا . ①

اے اللہ! ہم پر بارش برسا، اے اللہ ہم پر بارش برسا، اے اللہ ہم پر بارش برسا۔

۳۔ اَللّٰھُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَ بَهَآئِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ . ②

اے اللہ! اپنے بندوں اور جانوروں کو پانی پلا ، اپنی رحمت کو پھیلا اور اپنے مردہ شہر کو زندہ کر۔

بارش اترتے وقت دعا

اَللّٰھُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا . ③

اے اللہ! نفع مند بارش برسا۔

---

① صحیح بخاری (۱۰۱۴) صحیح مسلم (۸۹۷)

② إسناده ضعيف ، سنن ابی داود (۱۱۷٦) الموطا للامام مالک (۱/۱۲۴)

③ صحیح بخاری (۱۰۳۲)

بارش اترنے کے بعد ذکر

مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ رَحْمَتِهٖ .①

ہم پر اللہ کے فضل اور رحمت سے بارش برسائی گئی۔

مطلع ابرآلود ہونے کی دعا

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَ لَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالظِّرَابِ

اے اللہ! اسے ہمارے اردگرد برسا، اسے ہم پر نہ برسا، اے اللہ! (اس بارش کو تو) ٹیلوں پر،

وَ بُطُوْنِ الْاَوْدِيَةِ وَ مَنَابِتِ الشَّجَرِ .②

پہاڑوں کی چوٹیوں پر، وادیوں کے اندر اور درخت اگنے کی جگہوں پر (لے جا)۔

---

① صحیح بخاری (۸۴۶) صحیح مسلم (۷۱)

② صحیح بخاری (۱۰۱۴) صحیح مسلم (۸۹۷)

چاند دیکھنے کی دعا

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ، اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَ الْاِيْمَانِ

اللہ سب سے بڑا ہے، اے اللہ! اسے ہم پر امن وایمان کے ساتھ اور سلامتی واسلام کے ساتھ

وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ رَبَّنَا وَ

طلوع فرما، اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ جسے اے ہمارے رب تو پسند کرتا ہے اور اس سے

تَرْضٰى، رَبُّنَا وَ رَبُّكَ اللّٰهُ ۔ ①

خوش ہوتا ہے، ہمارا اور تیرا رب اللہ ہے۔

روزہ کھولنے کے وقت کی دعا

۱۔ ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَ ثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ

پیاس چلی گئی ، رگیں تر ہو گئیں اور اجر ثابت ہو گیا اگر اللہ

شَآءَ اللّٰهُ ۔ ②

نے چاہا۔

....

① ضعیف، سنن ترمذی (۳۴۵۱) سنن الدارمی (۱۶۹۳) ② إسناده حسن، سنن ابی داود (۲۳۵۷) سنن الدارقطنی (۲/۱۸۴ح ۲۲۵٦) المستدرک للحاکم (۱/۴۲۲ح ۱۵۳٦)

۲۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَ سِعَتْ کُلَّ
اے اللہ! میں تجھ سے تیری اس رحمت کا سوال کرتا ہوں جس نے ہر چیز کو ڈھانپ رکھا
شَیْءٍ اَنْ تَغْفِرَلِیْ. ①
ہے کہ یہ تو مجھے بخش دے۔

کھانے سے پہلے دعا

۱۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھانے کا ارادہ کرے تو ''بِسْمِ اللّٰہِ'' (اللہ کے نام کے ساتھ) کہے۔ اگر اسے شروع میں یاد نہ رہے تو پھر یہ کہے، ''بِسْمِ اللّٰہِ فِیْ اَوَّلِہٖ وَ اٰخِرِہٖ'' اللہ کے نام کے ساتھ اس کے شروع اور اس کے آخر میں۔ ②

۲۔ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: جس شخص کو اللہ تعالیٰ کھانا کھلائے تو اسے چاہئے کہ وہ یہ کہے:

① حسن، سنن ابن ماجہ (۱۷۵۳) المستدرک للحاکم (۴۲۲/۱) ② إسناده صحيح، سنن ابی داود (۳۷۶۷) سنن ترمذی (۱۸۵۸، واللفظ لہ) سنن ابن ماجہ (۳۲۶۴)

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَ اَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ .

اے اللہ! ہمارے لئے اس کھانے میں برکت دے اور ہمیں اس سے بہتر کھانا کھلا۔

اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ دودھ پلائے وہ یہ کہے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَ زِدْنَا مِنْهُ .①

اے اللہ! ہمارے لئے اس میں برکت ڈال اور ہمیں اس سے زیادہ عطا کر۔

کھانا کھانے سے فارغ ہونے کی دعائیں

۱۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَطْعَمَنِيْ هٰذَا وَ رَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ .②

تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور مجھے میری کسی طاقت اور قوت کے بغیر عطا کیا۔

① إسناده ضعيف، سنن ابی داود (۳۷۳۰) سنن ترمذی (۳۴۵۵)

② حسن، سنن ابی داود (۴۰۲۳) سنن ترمذی (۳۴۵۸، امام ترمذی رحمہ اللہ نے کہا: "حسن غریب" ہے۔) سنن ابن ماجہ (۳۲۸۵) المستدرک للحاکم (۱۹۲/۴ ح ۷۴۰۹)

۲۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ

تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں، بہت زیادہ تعریف، پاکیزہ، بابرکت، جسے کافی نہیں سمجھا گیا، نہ ہی

مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا.①

اسے الوداع کیا گیا، اور نہ ہی اس سے بے پرواہ ہوا گیا اے ہمارے رب۔

کھانا کھلانے والے کے لیے دعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ②

اے اللہ! ان کے لئے ان کے رزق میں برکت عطا فرما، انھیں بخش دے اور ان پر رحم فرما۔

جو شخص کچھ کھلائے پلائے اس کے لیے دعا

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ.③

اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو بھی اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو بھی اسے پلا۔

....

① صحیح بخاری (۵۴۵۸) سنن ترمذی (۳۴۵۶) ببعض الاختلاف.

② صحیح مسلم (۲۰۴۲)　③ صحیح مسلم (۲۰۵۵)

افطار کروانے والے کے لئے دعا

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ وَ اَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَ صَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلاَئِكَةُ .①

تمھارے پاس روزہ دار افطار کریں، تمھارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور تمھارے لئے فرشتے دعائیں کرتے رہیں۔

روزہ دار کی دعا جب کھانا حاضر ہو اور وہ روزہ نہ کھولے

آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی شخص کو کھانے کی دعوت دی جائے تو اسے قبول کرے، اگر اس نے روزہ رکھا ہو تو دعا کردے اور اگر روزے سے نہ ہو تو کھالے۔②

---

① حسن، سنن ابی داود (۳۸۵۴) سنن ابن ماجہ (۱۷۴۷) مسند احمد (۱۱۸/۳)

② صحیح مسلم (۱۴۳۱)

روزہ دار کو کوئی شخص گالی دے تو وہ کیا کہے

اِنِّیْ صَآئِمٌ ، اِنِّیْ صَآئِمٌ .①

میں روزے سے ہوں، میں روزے سے ہوں۔

پہلا پھل دیکھنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ ثَمَرِنَا وَ بَارِكْ لَنَا فِیْ مَدِيْنَتِنَا وَ

اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے پھل میں برکت دے، ہمارے لئے ہمارے شہر میں برکت دے،

بَارِكْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَ بَارِكْ لَنَا فِیْ مُدِّنَا .②

ہمارے لئے ہمارے صاع میں برکت دے، اور ہمارے لئے ہمارے مُد میں برکت دے۔

....

① صحیح بخاری (۱۸۹۴) صحیح مسلم (۱۱۵۱)

② صحیح مسلم (۱۳۷۳)، صاع اور مُد ناپ تول کے پیمانے ہیں۔

چھینک کی دعا

نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی شخص کو چھینک آئے تو وہ ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' کہے اور اس کے لئے اس کا بھائی ''یَرْحَمُكَ اللّٰہُ'' (اللہ تجھ پر رحم فرمائے) کہے جب وہ یہ کہے تو چھینک مارنے والا کہے ''یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَ یُصْلِحُ بَالَکُمْ'' (اللہ تمھیں ہدایت دے اور تمھاری حالت درست کرے) ①

اگر کوئی غیر مسلم چھینک مارے اور ''الحمد للّٰہ'' کہے تو اسے ''یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَ یُصْلِحُ بَالَکُمْ'' کہا جائے گا۔②

....

① صحیح بخاری (۶۲۲۴)

② إسنادہ صحیح، سنن ابی داود (۵۰۳۸) سنن ترمذی (۲۷۳۹) مسند احمد (۴۰۰/۴)

شادی کرنے والے کے لیے دعا

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَ بَارَكَ عَلَيْكَ وَ جَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ [1]

اللہ تمھیں برکت دے تم پر برکت کرے اور تم دونوں کو بھلائی میں جمع کرے۔

شادی کرنے اور سواری خریدنے والے کے لئے دعا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص شادی کرے یا خادمہ خریدے تو وہ یہ کہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَ خَيْرَمَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَ

اے اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس پر اسے پیدا کیا گیا اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں،

اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَ شَرِّمَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ. [2]

اور میں اس کے شر اور جس پر اسے پیدا کیا گیا ہے اس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

---

[1] إسناده صحيح، سنن ابی داود (۲۱۳۰) سنن ترمذی (۱۰۹۱) سنن ابن ماجہ (۱۹۰۵) المستدرک للحاکم (۲/۱۸۳)

[2] حسن، سنن ابی داود (۲۱۶۰) سنن ابن ماجہ (۱۹۱۸، ۲۲۵۲) المستدرک للحاکم (۲/۱۸۵)

جب کوئی اونٹ خریدے تو اس کی کوہان پکڑ کر یہی کہے۔

بیوی سے ہمبستری سے قبل دعا

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَ جَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا .①

اللہ کے نام کے ساتھ، اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا اور جو تو ہمیں عطا کرے اسے بھی شیطان سے بچا۔

غصے کے وقت دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ .②

میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔

....

① صحیح بخاری (۶۳۸۸) صحیح مسلم (۱۴۳۴)

② صحیح بخاری (۶۱۱۵) صحیح مسلم (۲۶۱۰)

مصیبت زدہ کو دیکھنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَ فَضَّلَنِیْ

تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے اس مصیبت سے عافیت دی جس میں تجھے مبتلا کیا

عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا. ①

اور اس نے مجھے بہت ساری مخلوق پر فضیلت دی۔

مجلس میں کیا کہا جائے؟

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجلس میں اپنے اٹھنے سے پہلے سو مرتبہ یہ کلمات کہا کرتے تھے:

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَ تُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ. ②

اے میرے رب مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول کر یقیناً تو ہی توبہ قبول کرنے والا بخشنے والا ہے۔

---

① إسناده ضعيف، سنن ترمذی (۳۴۳۱)

② صحيح ، سنن ترمذی (۳۴۳۴) سنن ابی داود (۱۵۱۶) سنن ابن ماجہ (۳۸۱۴)

کفارۂ مجلس کی دعا

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْكَ. ①

اے اللہ! تو اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں۔ میں تجھ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

جو کہے کہ اللہ تجھے بخش دے اس کے لئے دعا: ''ولك ''اور تجھے بھی بخش دے۔ ②

جو کوئی تم سے نیکی کرے اس کے لئے دعا

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا. ③

اللہ تجھے بہتر بدلہ عطا کرے۔

....

① حسن ، سنن ابی داود (۴۸۵۹) سنن ترمذی (۳۴۳۳) مسند احمد (۳/۴۵۰، ۴/۴۲۵) السنن الکبریٰ للنسائی (۱۰۲۵۹) المستدرک للحاکم (۱/۵۳۷ ح ۱۹۷۰، وسندہ حسن)

② صحیح، السنن الکبریٰ للنسائی (۱۰۲۵۵، ۱۰۲۵۴) ③ ضعیف، سنن ترمذی (۲۰۳۵)

دجال سے محفوظ رہنے کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے سوۂ کہف کی پہلی دس آیات یاد کرلیں وہ دجال (کے فتنہ) سے بچالیا گیا۔ ①

ہر نماز کے آخری تشہد میں دجال کے فتنے سے اللہ کی پناہ میں آئے۔

جوشخص کہے میں تم سے اللہ کے لئے محبت کرتا ہوں اس کے لئے دعا

أَحَبَّكَ الَّذِيْ أَحْبَبْتَنِيْ لَهُ. ②

وہ بھی تجھ سے محبت کرے جس کے لئے تو نے مجھ سے محبت کی۔

....

① صحیح مسلم (۸۰۹)

② إسناده حسن، سنن ابی داود (۵۱۲۵) مسند احمد (۳/۱۵۰) السنن الکبریٰ للبیہقی (۱۰/۱۰۰)

جو شخص تمھیں اپنا مال پیش کرے اس کے لئے دعا

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ فِیْ اَھْلِکَ وَ مَالِکَ. ①

اللہ تجھے تیرے اہل وعیال اور تیرے مال میں برکت دے۔

قرض کی ادائیگی کے وقت دعا

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ فِیْ اَھْلِکَ وَ مَالِکَ اِنَّمَا جَزَآءُ السَّلَفِ اَلْحَمْدُ وَالْاَدَآءُ. ②

اللہ تجھے تیرے اہل وعیال اور مال میں برکت دے۔ قرض کا بدلہ تو صرف شکریہ اور ادائیگی ہی ہے۔

شرک سے خوف کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ وَ اَنَا اَعْلَمُ وَ

اے اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس بات سے کہ تیرے ساتھ شرک کروں اور میں جانتا

① صحیح بخاری (۲۰۴۹) صحیح مسلم (۱۴۲۷)

② إسناده حسن ، سنن ابن ماجہ (۲۴۲۴) سنن نسائی (۴۶۸۷) مسند احمد (۳۶/۴)

اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ. ①

ہوں، اور جس کے بارے میں میں نہیں جانتا اس کے لئے تجھ سے بخشش طلب کرتا ہوں۔

جو شخص تمھیں بَارَكَ اللّٰهُ کہے اس کے لئے دعا

وَ فِيْكَ بَارَكَ اللّٰهُ. ②

اور اللہ تجھ میں بھی برکت دے۔

بدشگونی سے کراہت کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَا طَيْرَ اِلَّا طَيْرُكَ وَ لَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُكَ

اے اللہ! کوئی بدشگونی نہیں مگر (تیرے حکم سے ہی) بدشگونی ہوتی ہے، اور تیری بھلائی

....

① إسناده ضعيف، مسند احمد (۴۰۳/۴) الادب المفرد للبخاری (۷۱۶)

② ضعیف، عمل الیوم واللیلة لابن السنی (۲۷۹ بتحقیق سلیم الهلالی) عمل الیوم واللیلة للنسائی (۳۰۳، اور اس کی سند میں نظر ہے)

وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ .①

کے علاوہ کوئی بھلائی نہیں اور تیرے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں۔

سوار ہوتے وقت دعا

بِسْمِ اللّٰهِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا

اللہ کے نام کے ساتھ تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں، پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے لئے اسے

هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ط وَ اِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ .

مسخر کیا، جبکہ ہم اسے مطیع کرنے والے نہیں تھے اور ہم اپنے رب کی طرف ہی لوٹنے والے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَلْحَمْدُلِلّٰهِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ،

تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں، تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں، تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں، اللہ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ

سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اے اللہ پاک ہے تو، اے اللہ

....

① ضعیف، مسند احمد (۲/۲۲۰) عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی (۲۹۳ تحقیق الشیخ سلیم الہلالی)

نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ .[1]

یقیناً میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا مجھے بخش دے کیونکہ گناہوں کو تیرے علاوہ کوئی نہیں بخش سکتا۔

سفر کی دعا

اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، پاک ہے وہ ذات جس

وَ مَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ ط وَ اِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ . اَللّٰھُمَّ اِنَّا

نے ہمارے لئے اسے مسخر کیا، جبکہ ہم اسے مطیع کرنے والے نہیں تھے اور یقیناً ہم اپنے رب

نَسْئَلُکَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَ مِنَ الْعَمَلِ مَا

کی طرف ہی لوٹنے والے ہیں، اے اللہ! ہم تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی اور تقویٰ کا سوال

تَرْضٰی، اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا ھٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَہٗ ،

کرتے ہیں۔ اور اس عمل کا جسے تو پسند کرتا ہے۔ اے اللہ! ہم پر ہمارا یہ سفر آسان کردے اور

....

① صحیح، سنن ابی داود (۲۶۰۲) سنن ترمذی (۳۴۴۶) المستدرک للحاکم (۲/۹۸)

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ ،

ہم سے اس کی دوری کو لپیٹ دے۔ اے اللہ سفر میں تو ہی ہمارا ساتھی اور گھر والوں پر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَآءِ السَّفَرِ وَ کَآبَۃِ الْمَنْظَرِ وَ

نگہبان ہے، اے اللہ میں سفر کی مشقت، تکلیف دہ منظر اور مال اور گھر والوں میں برے

سُوْٓءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ .

لوٹنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

جب آپ ﷺ واپس تشریف لاتے تو یہی کلمات کہتے اور مزید اضافہ کرتے:

اٰئِبُوْنَ، تَآئِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ .①

ہم لوٹنے والے، توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے اور اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔

بستی یا شہر میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ مَا اَظْلَلْنَ وَ رَبَّ

اے اللہ! ساتوں آسمانوں اور جن چیزوں پر ان کا سایہ ہے، کے رب، اور ساتوں زمینوں اور جن

① صحیح مسلم (۱۳۴۲)

الْاَرْضِيْنَ السَّبْعِ وَ مَا اَقْلَلْنَ وَ رَبَّ الشَّيَاطِيْنِ

چیزوں کو انھوں نے اٹھایا ہوا، کے رب، اور شیاطین اور جن لوگوں کو انھوں نے گمراہ کیا ہے، کے

وَ مَا اَضْلَلْنَ وَ رَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ اَسْئَلُكَ

رب، اور ہواؤں اور جن چیزوں کو یہ اڑائے پھرتی ہیں، کے رب میں تجھ سے اس بستی کی بھلائی،

خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ اَهْلِهَا وَ خَيْرَ مَا فِيْهَا

اس میں رہنے والوں کی بھلائی اور جو اس میں ہے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، اور میں اس کے

وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَ شَرِّ اَهْلِهَا وَ شَرِّ مَا فِيْهَا .①

شر، اس کے رہنے والوں کے شر اور جو اس میں ہے اس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

بازار میں داخل ہونے کی دعا

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہت ہے

....

① **ضعیف**، المعجم الکبیر للطبرانی (۳۳/۸) المستدرک للحاکم (۴۴۲/۱ ح ۱۶۳۴) السنن الکبریٰ للبیہقی (۲۵۲/۵) سنن الکبریٰ للنسائی (۱۰۳۷۷) اور یہ حدیث حسن ہے لیکن اس کا متن مصنف کے سیاق سے مختلف ہے۔

الْحَمْدُ ، يُحْيِ وَ يُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ

اور اسی کے لئے تمام تعریفات ، وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے ، وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے کبھی

بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ . ①

نہیں مرے گا ، اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔

سواری سے گرنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ . ②

اللہ کے نام کے ساتھ۔

مسافر کی مقیم کے لیے دعا

اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَا تَضِيْعُ وَ دَائِعُهٗ . ③

میں تمھیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں جس کی امانتیں ضائع نہیں ہوتیں۔

....

① إسناده ضعيف، سنن ترمذی (۳۴۲۸) سنن ابن ماجہ (۲۲۳۵) المستدرک للحاکم (۵۳۸/۱ ح۱۹۷۴) ② إسناده صحيح . سنن ابی داود (۴۹۸۲) السنن الکبریٰ للنسائی (۱۰۳۸۸)

③ صحيح ، سنن ابن ماجہ (۲۸۲۵) مسند احمد (۴۰۳/۲) بلفظ : استودعك الله

مقیم کی مسافر کے لیے دعا

۱۔ اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَ اَمَانَتَكَ وَ خَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ①

میں تمہارا دین، تمہاری امانت اور تمہارے اعمال کا انجام اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

۲۔ زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى وَغَفَرَ ذَنْبَكَ وَ يَسَّرَلَكَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كُنْتَ ۔②

اللہ تعالیٰ تمہیں زادِ راہ میں تقویٰ دے، تمہارے گناہ معاف کرے اور جہاں کہیں بھلائی ہو تمہارے لئے آسان کردے۔

سفر کے دوران تسبیح وتکبیر

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب ہم اونچی جگہ پر چڑھتے تو ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہتے اور جب نیچے اترتے تو ''سُبْحَانَ اللّٰه'' کہتے۔③

① حسن، سنن ترمذی (۳۴۴۳،۳۴۴۲) سنن ابن ماجہ (۲۸۲۶) مسند احمد (۲/۳۵۸)

② إسناده حسن، سنن ترمذی (۳۴۴۴)　③ صحیح بخاری (۲۹۹۴،۲۹۹۳)

مسافر کی دعا جب صبح کرے

سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَ حُسْنِ بَلَائِهٖ عَلَيْنَا رَبَّنَا

سننے والے نے اللہ کی تعریف سنی اور ہم پر اس کی اچھی نعمتوں کو اے ہمارے رب ہمارا ساتھی

صَاحِبْنَا وَ اَفْضِلْ عَلَيْنَا عَآئِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ .①

بن جا، اور ہم پر فضل فرماتا، آگ سے اللہ کی پناہ میں آتے ہوئے۔

سفر میں یا سفر کے علاوہ کسی جگہ ٹھہرنے کی دعا

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ .②

میں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ساتھ اس کی مخلوق کے شر سے، پناہ میں آتا ہوں۔

سفر سے واپسی کی دعا

رسول اللہ ﷺ جب کسی جنگ یا حج سے واپس آتے تو بلند جگہ پر

① صحیح مسلم (۲۷۱۸) ② صحیح مسلم (۲۷۰۸)

تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے پھر یہ دعا پڑھتے:

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ

اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہت ہے اور اسی

الْحَمْدُ ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ، اٰئِبُوْنَ ، تَآئِبُوْنَ ،

کے لئے تمام تعریفات اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے، ہم لوٹنے والے، توبہ کرنے

عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ . صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَ نَصَرَ

والے، عبادت کرنے والے اور اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں، اللہ نے اپنا وعدہ سچا کر

عَبْدَهٗ وَ هَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ .①

دیا، اپنے بندے کی مدد کی اور اکیلے ہی تمام لشکروں کو شکست دی۔

خوش کن یا ناپسندیدہ معاملہ پیش آنے پر کیا کہے؟

جب آپ ﷺ کوئی اچھی خبر سنتے تو فرماتے:

....

① صحیح بخاری (۲۳۸۵) صحیح مسلم (۱۳۴۴)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ .

تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں جس کی نعمت واحسان سے تمام نیک کام پایہ تکمیل کو پہنچتے ہیں۔

اور جب کوئی ناپسندیدہ کام دیکھتے تو فرماتے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ .①

تمام تعریفات اللہ کے لئے ہیں ہر حال میں۔

نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنے کی فضیلت

۱۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔②

۲۔ میری قبر کو میلہ گاہ نہ بنانا اور اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ، مجھ پر درود پڑھنا، تم جہاں بھی ہو گے تمھارا درود مجھ تک پہنچ جائے گا۔③

....

① ضعیف، سنن ابن ماجہ (۳۸۰۳) المستدرک للحاکم (۱/۶۷۷) عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی (۳۷۷) ② صحیح مسلم (۴۰۸)

③ إسنادہ حسن ، سنن ابی داود (۲۰۴۲) مسند احمد (۲/۳۶۷)

۳۔ وہ آدمی بخیل ہے جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ ①

۴۔ اللہ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو زمین میں چلتے پھرتے رہتے ہیں، وہ میری امت کا سلام مجھے پہنچا دیتے ہیں۔ ②

۵۔ جب بھی کوئی شخص مجھے سلام کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ میری روح مجھ میں لوٹا تا ہے یہاں تک کہ میں اس کے سلام کا جواب دوں۔ ③

سلام عام کرنا

۱۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم جنت میں داخل نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ تم مومن بن جاؤ، اور تم مومن نہیں بن سکتے جب تک آپس میں محبت نہ کرنے لگو، کیا میں تمھیں ایسی چیز نہ بتاؤں کہ جب تم وہ کرو تو باہم محبت کرنے لگو آپس میں سلام کو عام کرو۔ ④

....

① إسنادہ حسن، سنن ترمذی (۳۵۴۶)

② حسن، سنن نسائی (۱۲۸۱) المستدرک للحاکم (۴۲۱/۲ ح ۳۵۷۶)

③ إسنادہ حسن، سنن ابی داود (۲۰۴۱) مسند احمد (۵۲۷/۲) ④ صحیح مسلم (۵۴)

۲۔ سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: تین چیزیں ایسی ہیں جس نے انھیں جمع کر لیا اس نے ایمان حاصل کر لیا، خود سے انصاف کرنا، تمام لوگوں کے لئے سلام عام کرنا، اور تنگدستی میں خرچ کرنا۔ ①

۳۔ سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: اسلام میں کون سا عمل سب سے بہتر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو کھانا کھلا، اور ہر جاننے والے اور ہر اجنبی کو سلام کر۔ ②

کوئی غیر مسلم سلام کرے تو اسے کیا کہا جائے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمھیں اہل کتاب سلام کہیں تو انھیں ''وَ عَلَیْکُمْ'' کہو۔ ③

---

① صحیح بخاری (تعلیقا قبل الحدیث: ۲۸)
② صحیح بخاری (۲۸۱۲) صحیح مسلم (۳۹)
③ صحیح بخاری (۶۲۵۸، ۶۹۲۶) صحیح مسلم (۲۱۶۳)

مرغ بولنے اور گدھا ہینگنے کے وقت دعا

نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرو، اور کہو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ.

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ (کیونکہ اس نے فرشتہ دیکھا ہے۔)

اور جب تم گدھے کی آواز سنو تو کہو:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. ①

میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔

رات کو کتے بھونکتے وقت کی دعا

نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم رات کو کتوں کے بھونکنے اور گدھے کے ہینگنے کی آواز سنو تو اس سے اللہ کی پناہ طلب کرو کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھتے ہیں

① صحیح بخاری (۳۳۰۳) صحیح مسلم (۲۷۲۹) اصل حدیث میں ان باتوں کا حکم ہے اور الفاظ مصنف کے اپنے ہیں۔

جوتم نہیں دیکھ سکتے۔ ①

جسے تم نے برا بھلا کہا اس کے لئے دعا

اَللّٰھُمَّ فَاَیُّمَا مُؤْمِنٍ سَبَبْتُہٗ فَاجْعَلْ ذٰلِکَ لَہٗ قُرْبَۃً اِلَیْکَ

اے اللہ! جس مومن کو بھی میں نے برا بھلا کہا ہے تو قیامت کے دن اس کے لئے اسے اپنی

یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ. ②

قربت کا ذریعہ بنا۔

جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان کی تعریف کرے تو کیا کہے؟

جب تم میں سے کوئی شخص کسی دوسرے کی تعریف کرنا ہی چاہتا ہو تو وہ یوں کہے: میں فلاں کے متعلق گمان کرتا ہوں (کہ وہ اچھا ہے) اور اللہ تعالیٰ

....

① إسناده حسن ، سنن ابی داود (۵۱۰۳) مسند احمد (۳۰۶/۳)

② بخاری (۶۳۶۱) صحیح مسلم (۶۲۰۱)

صحیح مسلم کے الفاظ یہ ہیں: فاجعلها له زكاةً و رحمةً.

اس کا حساب لینے والا ہے میں کسی کو اللہ کے ہاں پاک قرار نہیں دیتا میں فلاں کو ایسا ایسا گمان کرتا ہوں بشرطیکہ وہ اسے اچھی طرح جانتا ہو۔ ①

اپنی تعریف سن کر کیا کہے؟

اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَاخِذْنِیْ بِمَا یَقُوْلُوْنَ وَاغْفِرْلِیْ مَالَا یَعْلَمُوْنَ

اے اللہ! جو یہ کہہ رہے ہیں اس وجہ سے تو میرا مواخذہ نہ کرنا، اور جو یہ نہیں جانتے وہ میرے

(وَاجْعَلْنِیْ خَیْرًا مِّمَّا یَظُنُّوْنَ) ②

لئے معاف فرمادے (اور جو یہ گمان کرتے ہیں تو مجھے اس سے بہتر بنادے)

حج یا عمرہ کا احرام باندھنے والا تلبیہ کیسے کہے؟

لَبَّیْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ ، لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ ،

حاضر ہوں میں اے اللہ! حاضر ہوں، حاضر ہوں میں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، یقیناً

① صحیح مسلم (۳۰۰۰)

② إسنادہ ضعیف، الادب المفرد للبخاری (۷۶۱) شعب الایمان للبیہقی (۴/۲۲۸ ح ۴۸۷۶) جس نے اس حدیث کو صحیح یا حسن کہا ہے وہ غلطی پر ہے۔

إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ. ①

تمام تعریفات، اور نعمت تیرے لئے ہیں اور بادشاہت بھی تیرے لئے ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں.

جب حجر اسود کے پاس آئے تو تکبیر کہے

نبی ﷺ نے اونٹ پر بیٹھ کر بیت اللہ کا طواف کیا، آپ جب بھی حجر اسود کے پاس آتے، تو کسی چیز سے اس کی طرف اشارہ کرتے اور ''اَللّٰهُ أَكْبَرُ'' کہتے۔ ②

رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان دعا

﴿ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ، حَسَنَةً وَّ

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا اور آخرت میں بھلائی عطا فرما، اور ہمیں آگ

....

① صحیح بخاری (۱۵۴۹) صحیح مسلم (۱۱۸۴)

② صحیح بخاری (۱۶۱۳، یہاں کسی چیز سے مراد خم دار چھڑی ہے)

قِنَا عَذَابَ النَّارِ. ﴾ ①

کے عذاب سے بچا۔

صفا و مروہ پر ٹھہرنے کی دعا

آپ ﷺ جب صفا کے قریب آئے تو پڑھا:

﴿ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ اَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهٖ ﴾

یقیناً صفا و مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں، میں بھی اسی سے شروع کرتا ہوں جس سے اللہ نے شروع کیا۔

آپ ﷺ نے صفا سے شروع کیا، اس پر چڑھ کر بیت اللہ کو دیکھا، پھر قبلہ رو ہو کر اللہ تعالیٰ کی توحید کا اقرار کیا، اور اللہ کی کبریائی بیان کی اور درج ذیل دعا پڑھی:

① إسنادہ حسن، سنن ابی داود (۱۸۹۲) مسند احمد (۳/۴۱۱) السنن الکبریٰ للنسائی (۳۹۴۳)

((لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ

اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ، اس کے لئے بادشاہت

الْحَمْدُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفات اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، اس کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں وہ

وَحْدَہٗ اَنْجَزَ وَعْدَہٗ ، وَنَصَرَ عَبْدَہٗ ، وَ ھَزَمَ الْاَحْزَابَ

اکیلا ہے، اس نے اپنا وعدہ پورا کر دیا، اپنے بندے کی مدد کی اور اکیلے ہی تمام لشکروں کو

وَحْدَہٗ .)) ①

شکست دی۔

آپ ﷺ اس دوران دعا کرتے رہے، آپ ﷺ تین مرتبہ کہتے، حدیث میں مروی ہے کہ جیسا (عمل) آپ ﷺ نے صفا پر کیا اسی طرح آپ نے مروہ پر بھی کیا۔

....

① صحیح مسلم (۱۲۱۸)

یوم عرفہ کی دعا

نبی ﷺ نے فرمایا: تمام دعاؤں سے بہتر عرفہ کے دن کی دعا ہے، اور اس دن سب سے بہتر کلمہ جو میں نے اور مجھ سے پہلے انبیاء نے کہا وہ یہ ہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ

اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اس کے لئے بادشاہت ہے

الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط ①

اور اسی کے لئے تمام تعریفات ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

مشعرِ حرام کے قریب دعا

نبی ﷺ اپنی اونٹنی پر سوار ہوئے، جب مشعر حرام کے قریب آئے تو قبلہ رخ ہو کر اللہ تعالیٰ سے دعا کی:

....

① إسناده ضعيف، سنن ترمذی (۳۵۸۵) عرفات کے دن یہ دعا پڑھنا ثابت نہیں ہے۔

((اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه)) ①

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں۔

اور اللہ تعالیٰ کی توحید پر مبنی کلمات کہتے رہے۔آپ ﷺ اسی جگہ ٹھہرے رہے حتیٰ کہ جب خوب روشنی ہوگئی تو آپ سورج نکلنے سے پہلے وہاں سے چل پڑے۔

رمی جمار کرتے ہوئے ہر کنکری کے ساتھ تکبیر پڑھنا

نبی ﷺ نے تینوں جمرات کو رمی کرتے ہوئے ہر کنکری پھینکتے وقت اللہ اکبر کہا، پھر تھوڑا سا آگے بڑھے، پہلے اور دوسرے جمرے کو رمی کرنے کے بعد قبلہ رو ہو کر دونوں ہاتھ بلند کر لئے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی، جمرہ عقبہ کو کنکریاں ماریں، ہر کنکری کے ساتھ اللہ اکبر کہتے، پھر وہاں سے ہٹ گئے اور دعائیں کی۔ ②

① صحیح مسلم (۱۲۱۸)

② صحیح بخاری (۱۷۵۲،۱۷۵۳) صحیح مسلم (۱۲۹۶) واللفظ للبخاری

تعجب اور خوش کن کام کے وقت دعا

سُبْحَانَ اللّٰهِ.① اللہ پاک ہے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ.② اللہ سب سے بڑا ہے۔

خوش خبری ملے تو کیا کرے؟

نبی ﷺ کو جب کسی ایسے کام کی خبر ملتی جو آپ کے لئے خوشی کا باعث ہوتا یا آپ کو پسند ہوتا تو آپ اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے سجدہ ریز ہو جاتے۔③

....

① صحیح بخاری (۱۱۵، ۲۸۴۳) صحیح مسلم (۳۷۱، ۲۶۸۸)

② صحیح بخاری (۶۱۰، ۴۷۴۱) صحیح مسلم (۲۲۲)

③ إسناده حسن ، سنن ابی داود (۲۷۷۴) سنن ترمذی (۱۵۷۸) سنن ابن ماجہ (۱۳۹۴)

جسم میں تکلیف محسوس کرنے والا کیا کرے اور کیا کہے؟

نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص جسم کے کسی حصے میں تکلیف محسوس کرے تو اپنا ہاتھ درد والے حصے پر رکھے اور کہے: ((بِسْمِ اللّٰـه))
تین مرتبہ، پھر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے:

((اَعُوْذُ بِاللّٰـهِ وَ قُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ

میں اللہ اور اس کی قدرت کی پناہ میں آتا ہوں، اس تکلیف کے شر سے جسے میں محسوس کر رہا ہوں اور

وَ اُحَاذِرُ .))①

جس سے میں ڈر رہا ہوں۔

اپنی نظر لگنے کا ڈر ہو تو کیا کرے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی یا خود اپنی ذات یا اپنے مال میں ایسا معاملہ دیکھے جو اسے خوش کرنے والا ہو

① صحیح مسلم (۲۲۰۲)

تو برکت کی دعا کرے کیونکہ نظر لگ جانا حق ہے۔ ①

گھراہٹ کے وقت کیا کہے؟

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ. ②

اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں۔

قربانی کرتے وقت کیا کہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ (اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَ لَكَ) اَللّٰهُمَّ

اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ سب سے بڑا ہے، (اے اللہ تیری طرف سے اور تیرے لئے ہی ہے)

تَقَبَّلْ مِنِّیْ. ③

اے اللہ تو اس عمل کو میری طرف سے قبول کر۔

---

① صحیح ، سنن ابن ماجہ (۳۵۰۸،۳۵۰۹) المستدرک للحاکم (۲۱۵/۴)

② صحیح بخاری (۳۳۴۶) صحیح مسلم (۲۸۸۰) ③ صحیح مسلم (۱۹۶۶، ۱۹۷۷)

السنن الکبریٰ للبیہقی (۲۸۷/۹، وسندہ ضعیف) "اللّٰهم منك ولك" سے لے کر آخر تک الفاظ ثابت نہیں، لہٰذا صرف "بسم الله و الله أكبر" پڑھیں۔

سرکش شیاطین کے مکروفریب سے بچنے کی دعا

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُ هُنَّ بَرٌّ وَ

میں اللہ کے کامل کلمات کے ساتھ جن سے کوئی نیک و بد تجاوز نہیں کرسکتا، پناہ میں آتا ہوں۔ ہر

لَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ بَرَأَ وَ ذَرَأَ وَ مِنْ شَرِّ مَا

اس چیز کے شر سے جسے اس نے پیدا کیا، بنایا اور پھیلا دیا، اور ہر اس چیز کے شر سے جو آسمان

يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا ، وَ مِنْ شَرِّ

سے نازل ہوتی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو آسمان میں چڑھتی ہے، اور ہر اس چیز کے شر

مَا ذَرَأَ فِي الْاَرْضِ ، وَ مِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَ مِنْ

سے جسے اس نے زمین میں پھیلا دیا، اور ہر اس چیز کے شر سے جو اس سے نکلتی ہے اور رات و

شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا

دن کے فتنوں سے اور رات کو آنے والے شر سے سوائے وہ رات کو آنے والا جو بھلائی کے

يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَآ رَحْمَانُ ۔ [1]

ساتھ آتا ہے، اے نہایت رحم کرنے والے۔

---

[1] اسنادہ حسن، مسند احمد (۳/۴۱۹ ح۱۵۴۶۱) عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی (۶۳۸، تحقیق سلیم بن عبدالہلالی)

استغفار اور توبہ کا بیان

۱۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! بے شک میں اللہ تعالیٰ سے ایک دن میں ستر مرتبہ سے زیادہ معافی مانگتا ہوں اور اس سے توبہ کرتا ہوں۔ ①

۲۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگو! اللہ کی طرف توبہ کرو کیونکہ میں اللہ تعالیٰ سے ایک دن میں سو مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔ ②

۳۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے کہا:

((اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ

میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں جس کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں، وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا

الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ .)) ③

ہے، قائم رکھنے والا ہے اور میں اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں۔

....

① صحیح بخاری (۶۳۰۷) ② صحیح مسلم (۲۷۰۲) ③ حسن ، سنن ابی داود (۱۵۱۷) سنن ترمذی (۳۵۷۷) المستدرک للحاکم (۱/۵۱۱ ح ۱۸۸۴)

تو اللہ تعالیٰ اسے بخش دیں گے چاہے وہ میدانِ جہاد سے بھاگا ہو۔[1]

۴۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بندے کے سب سے زیادہ قریب رات کے آخری پہر میں ہوتا ہے، اگر ان لوگوں میں شامل ہونے کی استطاعت رکھو جو اس وقت اللہ کو یاد کرتے ہیں تو ان میں شامل ہو جاؤ۔[2]

۵۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بندہ سجدے کی حالت میں اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے، اس لئے تم سجدہ میں بہت زیادہ دعا کرو۔[3]

۶۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے دل پر کبھی سستی کا پردہ آجاتا ہے، میں اللہ تعالیٰ سے ایک دن میں سو مرتبہ بخشش طلب کرتا ہوں۔[4]

....

① حسن، سنن ابی داود (۱۵۱۷) سنن ترمذی (۳۵۷۷) المستدرک للحاکم (۵۱۱/۱ ح ۱۸۸۴)

② إسناده صحيح، سنن ترمذی (۳۵۷۹، وقال: ''حسن غريب'')

③ صحیح مسلم (۴۸۲)

④ صحیح مسلم (۲۷۰۲)

تکبیر، تسبیح، تحمید اور تہلیل کی فضیلت

۱۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے دن میں سو مرتبہ ((سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ)) [اللہ اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے] کہا تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ ①

۲۔ جس شخص نے دن میں دس مرتبہ کہا: ((لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ))
اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اس کی ہی بادشاہی ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفات ہیں اور وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔

تو اولادِ اسماعیل میں سے چار غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ ②

① صحیح بخاری (۶۴۰۵) صحیح مسلم (۲۶۹۱)
② صحیح بخاری (۶۴۰۴،۶۴۰۳) صحیح مسلم (۲۶۹۳)

۳۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر انتہائی ہلکے، میزان میں بہت بھاری اور رحمٰن کے ہاں بہت زیادہ پسندیدہ ہیں:
((سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ .)) ①

اللہ اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے اور اللہ پاک ہے عظمت والا ہے۔

۴۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ((سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ)) ②

مجھے یہ کلمات کہنا ان تمام (دنیاوی) چیزوں سے بڑھ کر محبوب ہیں جن پر سورج طلوع ہوتا ہے۔

۵۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں کوئی شخص روزانہ ایک ہزار نیکیاں حاصل کرنے سے عاجز ہے، ایک آدمی نے کہا: ہم میں سے کوئی شخص ایک ہزار نیکیاں روزانہ کس طرح حاصل کر سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سو مرتبہ ((سُبْحَانَ اللّٰهِ)) کہے تو اس کے (نامۂ اعمال) میں

① صحیح بخاری (۶۴۰۶) صحیح مسلم (۲۶۹۴)
② صحیح مسلم (۲۶۹۵)

ایک ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں، یا اس کی ایک ہزار خطائیں مٹا دی جاتی ہیں۔ ①

۶۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے ((سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ.)) (اللہ اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے، عظمت والا) کہا، اس کے لئے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔ ②

۷۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس کیا میں تمھاری جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کے بارے میں رہنمائی نہ کروں؟ میں نے کہا: کیوں نہیں اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا:

((لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ .)) ③

اللہ کے توفیق وہ مدد کے بغیر کسی گناہ سے بچنے کی طاقت اور کوئی نیکی کرنے کی قوت نہیں۔

۸۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو چار کلمات بہت زیادہ پیارے

① صحیح مسلم (۲۶۹۸)

② إسناده ضعيف، سنن ترمذی (۳۴۶۴) المستدرک للحاکم (۵۰۱/۱)

③ صحیح بخاری (۲۹۹۲، ۴۲۰۲، ۶۴۰۹) صحیح مسلم (۲۷۰۴)

ہیں، ان میں سے جس کے ساتھ بھی ابتدا کرو کوئی حرج نہیں:

((سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ .)) ①

اللہ پاک ہے تمام تعریفات اللہ کے لیے ہیں، اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

۹۔ ایک بدو (اعرابی) آپ ﷺ کے پاس آیا اور کہا: مجھے کوئی ایسا کلام سکھائیں جو میں ہمیشہ کہتا رہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کلمات پڑھا کرو:

((لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ .))

اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا اور اللہ کے لئے تمام تعریفات بہت زیادہ ہیں، اللہ رب العالمین پاک ہے، اللہ غالب حکمت والے کی توفیق و مدد کے بغیر گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت نہیں۔

---

① صحیح مسلم (۲۱۳۷)

وہ کہنے لگا یہ کلمات تو میرے رب کے لئے ہیں میرے لئے کیا ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا: تم اس طرح کہو:

((اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے ہدایت دے اور مجھے عافیت دے اور مجھے

وَارْزُقْنِیْ .)) ①

رزق عطا فرما۔

۱۰۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یقیناً افضل دعا ((اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ)) ہے اور سب سے افضل ذکر ((لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه)) ہے۔②

۱۱۔ باقی رہنے والے نیک اعمال: سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ہیں۔③

....

① صحیح مسلم (۲۶۹۶، ۲۶۹۷)

② حسن ، سنن ترمذی (۳۳۸۳) سنن ابن ماجہ (۳۸۰۰) المستدرک للحاکم (۵۰۳/۱ ح۱۸۵۲)

③ حسن، مسند احمد (۷۱/۱ ح۵۱۳، ۲۶۷/۴)

نبی ﷺ تسبیح کس طرح کیا کرتے تھے؟

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ وہ دائیں ہاتھ کے ساتھ تسبیح شمار کیا کرتے تھے۔ ①

مختلف نیکیاں اور جامع آداب

نبی ﷺ نے فرمایا: جب اندھیرا چھانے لگے، یا فرمایا: جب شام ڈھل جائے تو اپنے بچوں کو (گھروں سے باہر نکلنے سے) روک لو کیونکہ اس وقت شیاطین پھیل جاتے ہیں اور جب کچھ وقت گزر جائے تو انھیں چھوڑ دو اور اللہ کا نام لے کر دروازے بند کر دو، کیونکہ شیطان بند دروازے نہیں کھولتا، اللہ کا نام لے کر اپنے مشکیزے کا منہ بند کر دو اور اپنے برتن کو کسی بھی چیز کے ساتھ اللہ کا نام لے کر ڈھانپ دو اور اپنے

....

① إسناده ضعيف، سنن ابی داود (۱۵۰۲) سنن ترمذی (۳۴۱۱) سنن نسائی (۱۳۵۱)

چراغ بجھا دو۔[1]

وَصَلَّى اللّٰهُ وَسَلَّمَ وَ بَارَكَ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

....

[1] بخاری مع الفتح (۸۸/۱۰)

حصن المسلم
دار الفکر الاسلامی